۲ :یاأَخِيْ! لَمْ يَبْتَلَّ إِلَّا قَلِيْلٌ!	۲:بھائی! تھوڑا سا تو گیلا ہوا ہے!
۱ :یاأَخِيْ! قَدْ جَفَّلْتَنِيْ وَكُنْتُ فِيْ نَوْمٍ عَمِيْقٍ.	۱:بھائی!تم نے تو مجھے چونکا دیا/ڈرا دیا حالانکہ میں گہری نیند میں تھا.
۲ :عَفْوًا یاأَخِيْ! مَاأَرَدْتُ أَنْ أُخَوِّفَكَ.	۲:معاف کرنا یار! میں آپ کو ڈرانا نہیں چاہتا تھا
۱ :یاأَخِيْ! كَيْفَ تَسْتَعْمِلُ فِرَاشِيْ بِدُوْنِ إِذْنِي	۱:بھائی! میرا بستر بغیر اجازت کے کیوں استعمال کررہے ہو؟
۲ :عَفْوًا! مَاكُنْتُ أَعْلَمُ بِأَنَّهُ فِرَاشُكَ.	۲:معاف کرنا!مجھے پتہ نہیں تھا کہ یہ آپ کا بستر ہے.
۱ :اِسْتَيْقِظْ یَاأَخِيْ !وَقَدْ نِمْتَ أَكْثَرَمِنْ سِتِّ سَاعَاتٍ.	۱:بھائی جان! جاگ جاؤ تم نے چھ گھنٹوں سے زیادہ سولیا ہے.
۲ :دَعْنِيْ أُكْمِلُ نَوْمِيْ فَإِنِّيْ مَانِمْتُ الْبَارِحَةَ لِأَجْلِ الْبَعُوْضِ.	۲:مجھے نیند پوری کرنے دو میں کل رات مچھروں کیوجہ سے نہیں سوسکا ہوں
۱ :یَاغَافِلُ! قَدْ فَاتَتْكَ الْجَمَاعَةُ وَلَازِلْتَ نَائِمًا.	۱:غافل آدمی!تم سے جماعت چھوٹ گئی اور تم ابھی تک سو رہے ہو.
۲ :إِنَّا لِلّٰهِ ! لِمَ لَمْ تُوْقِظْنِيْ ؟	۲:إنا للہ وانا الیہ راجعون!تم نے مجھے جگایا کیوں نہیں
۱ :یاأَخِيْ! لِمَ لَا تَسْتَيْقِظُ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ وَأَنْتَ طَالِبُ عِلْمٍ	۲:بھائی! تم فجر کی نماز کیلئے کیوں نہیں جاگتے حالانکہ تم طالب علم بھی ہو
۲ :یاأَخِيْ ! أَنَا كُنْتُ مَرِيْضًا.	۲:بھائی! میں بیمار تھا.
اِسْتَيْقِظْ یَاأَخِيْ!فَلَمْ يَبْقَ فِي الْمَهْجَعِ أَحَدٌ سِوَاكَ	۱:بھائی اٹھ جاؤ! کمرے میں تمہارے علاوہ کوئی نہیں بچا.
۲ :یاأَخِيْ!قَدْ كُنْتُ أُصِبْتُ الْبَارِحَةَ بِأَرَقٍ عَنِيْفٍ	۲:یار! کل رات سخت بے خوابی کا شکار ہوگیا تھا

١ :شَغِّلِ الْمَرَاوِحَ يَاأَخِيْ!	ا: بھائی! پنکھے چلادو.
٢ :يَـاأَخِيْ! اَلْمَرَاوِحُ لَا تَشْتَغِلُ لِأَنَّ الْكَهْرَبَاءَ ضَعِيْفَةٌ جِدًّا.	٢: بھائی! پنکھے نہیں چل رہے کیونکہ بجلی بہت کمزور ہے.
١ :يَاأَخِيْ! عَلَيْكَ أَنْ تَنَامَ عَلَى طَهَارَةٍ	ا: بھائی! تم کو باوضو ہو کر سونا چاہئے.
٢ :اَلْحَمْدُلِلّٰهِ! إِنَّهُ مِنْ عَادَتِيْ اَلْمُوَاظَبَةُ عَلَى الْوُضُوْءِ عِنْدَ النَّوْمِ.	٢: الحمدللہ! سونے کے وقت وضو کی پابندی کرنا میری عادت ہے.
١ :مَعْذِرَةً يَاأَخِيْ! عِنْدَكَ مِخَدَّتَانِ هَلْ لِيْ أَنْ أَسْتَعْمِلَ إِحْدَاهُمَا.	ا: بھائی معذرت کیساتھ! تمہارے پاس دو تکیہ ہیں کیا میں انمیں سے ایک استعمال کرسکتا ہوں.
٢ :لَكَ أَنْ تَسْتَعْمِلَ وَلٰكِنْ أَرْجِعْهَاإِلَيَّ صَبَاحًا	٢: تم استعمال کر سکتے ہو لیکن صبح مجھے واپس کر دینا.
١ :يَاأَخِيْ! لَاتَشْخِرْ فِيْ نَوْمِكَ.	ا: بھائی! نیند میں خراٹے مت لیا کرو.
٢ :يَـاأَخِيْ! هٰذَاشَيْءٌ طَبِيْعِيٌّ لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَمْتَنِعَ مِنْهُ	٢: بھائی! یہ ایک فطری چیز ہے اس سے میں نہیں رک سکتا.
١ :مَنْ هُوَ الْمَسْؤُلُ عَنِ الْغُرْفَةِ؟	ا: کمرے کا نگران کون ہے؟
٢ :خَرَجَ الْآنَ لِيُجَدِّدَ الْوُضُوْءَ.	٢: وہ وضو کرنے کیلئے ابھی کمرے سے نکلا ہے
١ :عَلَى مَنِ الْيَوْمَ تَنْظِيْفُ الْغُرْفَةِ؟	ا: آج کمرے کی صفائی کی باری کس کی ہے؟
٢ :حَسَبَ الْجَدْوَلِ نَوْبَةُ الْيَوْمِ عَلَيْكَ.	٢: نقشہ کے مطابق آج تمہاری باری ہے.
١ :يَاأَخِيْ! لِمَ لَمْ تُنَظِّفِ الْغُرْفَةَ الْيَوْمَ؟	ا: بھائی! آج تم نے کمرہ کیوں صاف نہیں کیا؟
٢ :يَاأَخِيْ! قَدْ نَظَّفْتُهَا صَبَاحًا مُبَكِّرًا.	٢: بھائی! میں نے صبح سویرے صاف کیا ہے.
١ :مَنْ هٰذَاالَّذِيْ يَنَامُ فِيْ مَكَانِيْ؟	ا: یہ کون ہے جو میری جگہ پر سو رہا ہے؟
٢ :عَفْوًا يَاأَخِيْ! هٰذَاضَيْفِيْ.	٢: معاف کرنا یار! یہ میرا مہمان ہے.

۱ : كَمْ دَقِيقَةً بَقِيَتْ لِإِقَامَةِ الصَّلاةِ؟	۱:نماز کھڑی ہونے کیلئے کتنے منٹ باقی ہیں؟
۲ :أَظُنُّ بَقِيَ خَمْسُ دَقَائِقَ.	۲:میرے خیال سے پانچ منٹ رہ گئے ہیں.
۱ :يَاأَخِيْ! كَيْفَ قَضَيْتَ اللَّيْلَ؟	۱:بھائی!رات کیسے گزاری؟
۲ :اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! نِمْتُ مُسْتَرِيْحًا.	۲:الحمدللہ! آرام سے سویا ہوں.
۱ :وَاللّٰهِ! اَلْيَوْمَ رَأَيْتُ رُؤْيَةً طَيِّبَةً.	۱:قسم سے! آج میں نے بڑا اچھا خواب دیکھا.
۲ :أَخْبِرْنِيْ بِمَارَأَيْتَ	۲:آپ نے جو دیکھا ہے مجھے بتاؤ.
۱ :أَلَمْ تَسْمَعِ الْيَوْمَ اَذَانًا؟	۱:کیا تم نے آج اذان نہیں سنی؟
۲ : كُنْتُ بَيْنَ النَّوْمِ وَالْيَقْظَةِ وَقَدْ سَمِعْتُ اَذَانًا.	۲:میں نینداور بیداری کے درمیان تھا تو میں نے اذان سنی.
۱ :مَاهُوَ الْوَقْتُ الْمُقَرَّرُ لِلنَّوْمِ؟	۱:سونے کا مقررہ وقت کیا ہے؟
۲ :اَلْوَقْتُ الْمُقَرَّرُ لِلنَّوْمِ هُوَ السَّاعَةُ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ	۲:سونے کا مقررہ وقت گیارہ بجے ہے.
۱ :عَفْوًا هَلْ يُمْكِنُنِيْ أَنْ أَنَامَ بِجِوَارِكَ؟	۱:برائے مہربانی کیا میں آپ کے برابر میں سوسکتا ہوں؟
۲ :نَعَمْ! وَبِكُلِّ سُرُوْرٍ فَإِنْ لَمْ يَسَعْكَ الْمَكَانُ فَصَدْرِيْ أَوْسَعُ.	۲:جی ہاں! بالکل خوشی سے اگر جگہ کشادہ نہ ہوئی تو میرا سینہ کشادہ ہے.
۱ :لُطْفًايَاأَخِيْ! أَرْجُوْأَنْ تَدُقَّ الْبَابَ قَبْلَ أَنْ تَدْخُلَ الْغُرْفَةَ	۱:برائے کرم بھائی! کمرے میں آنے سے پہلے دروازہ کھٹکھٹالیا کریں.
۲ :أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ يَاأَخِيْ! نَسِيْتُ أَنْ أَدُقَّ الْبَابَ.	۲:معذرت کیساتھ بھائی! میں دروازہ کھٹکھٹانا بھول گیا

۱: هَلْ یُمْکِنُکَ أَنْ تُسَاعِدَنِیْ فِیْ نَظَافَةِ الْغُرْفَةِ؟	۱: کیا آپ کمرہ صاف کرنے میں میری مدد کر سکتے ہیں؟
۲: عَفْوًا یَا أَخِیْ! عِنْدِیْ شُغْلٌ وَإِلَّا لَسَاعَدْتُکَ.	۲: معاف کرنا یار! مجھے کام ہے ورنہ میں آپ کی مدد کرتا.
۱: یَا أَخِیْ! لا تَعْبَثْ بِجَوَّالِکَ الْآنَ فَإِنَّهُ وَقْتُ النَّوْمِ.	۱: یار! ابھی اپنے موبائل کے ساتھ مت کھیلو یہ سونے کا وقت ہے
۲: مَالَکَ وَجَوَّالِیْ؟	۲: تمہیں میرے موبائل سے کیا کام ہے؟
۱: یَا أَخِیْ! دَائِمًا تَتْرُکُ فِرَاشَکَ مُبَعْثَرًا.	۱: یار! تم ہمیشہ اپنا بستر پھیلا ہوا چھوڑ دیتے ہو
۲: یَا أَخِیْ! لا تُبَالِغْ فِیْ کَلامِکَ مَاتَرَکْتُهُ إِلَّا یَوْمًا.	۲: بھائی! مبالغہ مت کرو میں نے ایک دن ہی تو چھوڑا ہے.
۲: عَفْوًا یَا أَخِیْ! اَلْیَوْمَ کُنْتُ مُسْتَعْجِلًا فَلِذَالِکَ ما طَوَیْتُهُ.	۲: معاف کرنا یار! آج میں کچھ جلدی میں تھا اسلئے میں نے نہیں لپیٹا.
۱: یا أَخِیْ! أَظُنُّ أَنَّ رِدَاءِیْ تَحْتَ وِسَادَتِکَ.	۱: بھائی! میرا خیال ہے کہ میری چادر تمہارے تکیہ کے نیچے ہے.
۲: یا أَخِیْ! أَخْطَأْتَ فِیْ ظَنِّکَ.	۲: بھائی! آپکا خیال غلط ہے.

حِوَارٌ فِي مَطْعَمِ الْمَدْرَسَةِ لِلْمُسْتَوىٰ الْأَوَّلِ

(مدرسہ کے مطعم سے متعلق گفتگو لیول:۱)

۱۔ يَاأَخِيْ! أَنَا جَوْعَانُ جِدًّا.	۱: یار! مجھے سخت بھوک لگی ہے.
۲۔ أَنَا كَذَالِكَ مَارَأْيُكَ لَوْنَذْهَبُ إِلَى الْمَطْعَمِ	۲: مجھے بھی بھوگ لگی ہے کیا خیال ہے اگر مطعم کی طرف چلیں.
۱۔ لِمَ! إِنْ ذَهَبْتَ الْآنَ فَلَعَلَّكَ لَا تَجِدُ شَيْئًا	۱: کیوں! اگر وہاں ابھی گئے تو شاید تمہیں کچھ نہ ملے
۲۔ مَاأَرَدْتُ الْأَكْلَ وَلٰكِنْ لِنَنْظُرَ فَقَطْ مَاذَا طُبِخَ الْيَوْمَ.	۲: میں نے کھانے کا ارادہ نہیں کیا ہے لیکن صرف دیکھتے ہیں کہ آج کیا پکا ہے.
۱۔ يَاأَخِيْ! أَشُمُّ رَائِحَةَ لَحْمِ الدَّجَاجِ.	۱: بھائی! میں مرغی کے گوشت کی خوشبو محسوس کررہا ہوں
۲۔ نَعَمْ! إِذَنْ نَنْتَظِرَ الْمَوْعِدَ.	۲: ٹھیک ہے! تب مقررہ وقت کا انتظار کرتے ہیں.
۱۔ يَاأَخِيْ! هَيَّابِنَاإِلَى الْمَطْعَمِ فَإِنَّ الْغَدَاءَ جَاهِزٌ	۱: بھائی! آؤ مطعم چلیں کھانا تیار ہے.
۲۔ أَيْنَ نَجْلِسُ؟	۲: کہاں بیٹھیں؟
۱۔ أَظُنُّ أَنَّ هَذَاالْمَكَانَ مُنَاسِبٌ.	۱: میرے خیال میں یہ جگہ مناسب ہے.
۲۔ فَلْنَجْلِسْ هُنَا.	۲: یہاں بیٹھ جاتے ہیں.
۱۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ! طَعَامُ الْيَوْمِ لَذِيْذٌ جِدًّا.	۱: سبحان اللہ! آج کا کھانا بہت مزیدار ہے.
۲۔ نَعَمْ! لَاشَكَّ إِلَّا أَنَّ الْخُبْزَ مُحْتَرِقٌ.	۲: جی ہاں! اسمیں کوئی شک نہیں البتہ روٹی جلی ہوئی ہے
۱۔ إِذَنْ رُدَّهُ وَاطْلُبْ غَيْرَهُ.	۱: تب تو اسکو واپس کر کے دوسری مانگ لو.
۲۔ عَفْوًايَاأَخِيْ! بَدِّلْ هَذَاالْخُبْزَ بِغَيْرِهِ لِأَنَّهُ مُحْتَرِقٌ	۲ معاف کرنا یار! یہ روٹی بدل کر دوسری دینا کیونکہ یہ جلی ہوئی ہے.
۳۔ خُذْ هَذَا وَلَيْسَ عِنْدِيْ غَيْرُهُ.	۳: یہ لو اور اسکے علاوہ میرے پاس نہیں ہے.

٢- هَذَاالْخُبزُ غَيرُ نَاضِجٍ.	٢: یہ روٹی کچی ہے.
١- لَابَأْسَ يَاأَخِيْ!فَإِنَّهُ أَفضَلُ مِنَ الْمُحْتَرِقِ	١: کوئی بات نہیں یار! یہ جلی ہوئی سے بہتر ہے
٢- أَظُنُّ مَرَقَ الْيَوْمِ لَاذِعًا.	٢: میرا خیال ہے آج سالن مرچوں والا ہے.
١- يَاأَخِيْ! أَتُرِيْدُ أَنْ نَأْكُلَ طَعَامَ الْمَرْضٰى.	١: بھائی! تم چاہتے ہو کہ ہم مریضوں والا کھانا کھائیں.
٢- يَاأَخِيْ! اَلْفِلْفِلُ يُحدِثُ حُرْقَةً فِي الْمِعْدَةِ.	٢: بھائی! مرچیں معدہ میں جلن پیدا کرتی ہیں
١- دَعْ عَنكَ هَذِهِ الْمُبَاحَثَةَ وَاطْلُبِ اللَّحْمَ فَإِنِّيْ لَمْ أَذُقْ قِطعَةً مِنْهُ.	١: اس بحث کو چھوڑ و! گوشت منگواؤ میں نے اس سے ایک ٹکڑا ابھی نہیں چکھا ہے.
٢- عَفْوًا يَاأَخِيْ!قَدْ نَفِدَاللَّحْمُ وَبَقِيَ الْمَرَقُ فَقَطْ.	٢: معاف کرنا بھائی! گوشت ختم ہو گیا ہے اور صرف شوربا بچا ہے.
١- طَيِّبٌ! صُبَّ لَنَا قَلِيْلًا لِنَثْرُدَ.	١: ٹھیک ہے! ہمارے لئے تھوڑا سا شوربا ڈال دو تا کہ ہم ثرید بنائیں.
٢- يَكْفِيْنَاهَذَاالْقَدْرُ يَاأَخِيْ!فَإِنِّيْ لَا آكُلُ إِلَّاقَلِيْلًا	٢: بھائی اتنا کافی ہے! کیونکہ میں کم کھاؤں گا.
١- لِمَ وَقَدْ قُلْتَ لِيْ أَنَا جَوْعَانُ.	١: کیوں! تم تو کہہ رہے تھے کہ مجھے بھوک ہے
٢- شَبِعْتُ الْآنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ!	٢: الحمد للہ! میں اب سیر ہو چکا.
١- يَاأَخِيْ! أَكْمِلْ هَذِهِ الْكِسْرَةَ مِنَ الْخُبْزِ.	١: بھائی! روٹی کے اس ٹکڑے کو بھی کھاؤ.
٢- يَاأَخِيْ! لَا أَجِدُ سِعَةً فِيْ بَطْنِيْ.	٢: بھائی! پیٹ میں کوئی گنجائش نہیں پاتا
١- عَلَى الْأَقَلِّ أَنْ تَأْكُلَ لُقْمَتَيْنِ.	١: کم از کم دو لقمیں تو کھاؤ.
٢- جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا! اِلْعَقِ الصَّحْنَ وَالْأَصَابِعَ لِئَلَّا تَفُوْتَكَ الْبَرَكَةُ.	٢: جزاک اللہ خیرا! پلیٹ اور انگلیوں کو چاٹ لو تا کہ برکت سے محروم نہ ہو جاؤ
١- يَاأَخِيْ! لَاأَسْتَطِيْعُ الْآنَ الْقِيَامَ مِنْ كَثْرَةِ الْأَكْلِ	١: بھائی! زیادہ کھانے کیوجہ سے اب کھڑا نہیں ہوسکتا
٢- طَيِّبٌ! فَلْنَغْسِلْ أَيْدِيَنَا وَلْنَقِلْ.	٢: ٹھیک ہے! ہاتھوں کو دھو کر سوتے ہیں.

حِوَارٌفِیْ مَطْعَمِ الْمَدْرَسَةِ لِلْمُسْتَوَی الثَّانِیْ

(مدرسہ کے مطعم سے متعلق گفتگو لیول:۲)

۱۔ وَاللّٰهِ یَاأَخِیْ! نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِیْ مِنْ شِدَّةِ الْجُوْعِ. — ۱: بھائی بخدا! میرے پیٹ میں سخت بھوک کیوجہ سے چوہے دوڑ رہے ہیں.

۲۔ قَدْ حَانَ مَوْعِدُ الطَّعَامِ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ یَنْضَجْ بَعْدُ — ۲: کھانے کاوقت ہو چکا لیکن اب تک کھانا نہیں پکا

۱۔ هَلْ تَدْرِیْ مَاهُوَطَعَامُ الْیَوْمِ أَهُوَمَرَقُ الْحِمَّصِ أَمِ الْعَدَسِ؟ — ۱: کیا تمہیں پتا ہے آج کھانے میں کیا ہے چھولے کا سالن ہے یا دال؟

۲۔ لَاأَدْرِیْ لٰكِنَّهُ كَمَایَبْدُوْلَذِیْذٌ لِأَنَّنِیْ كُنْتُ أَشُمُّ رَائِحَةً شَهِیَّةً عِنْدَ مَامَرَرْتُ بِالْمَطْبَخِ — مجھے نہیں معلوم لیکن لگ ایسا رہا ہے کہ مزیدار ہے کیونکہ جب میں باورچی خانہ سے گزر رہا تھا تو میں نے بہترین خوشبو محسوس کی تھی

۱۔ مَااسْتَطَعْتَ أَنْ تُعَیِّنَ الْمَرَقَ؟ — ۱: تم پہچان نہ سکے کہ کس چیز کا سالن ہے؟

۲۔ لَا یَاأَخِیْ! لٰكِنْ كَمَا قُلْتُ أَرَاهُ لَذِیْذًا. — ۲: نہیں بھائی! لیکن جیسا میں نے کہا مجھے مزیدار کھانا لگ رہا ہے

۱۔ طَیِّبٌ! نَذْهَبُ مِنَ الْآنَ لِنَجِدَمَكَانًامُنَاسِبًاعَلَی السُّفْرَةِ — ۱: ٹھیک ہے! ابھی سے چلتے ہیں تا کہ دستر خوان پر مناسب جگہ پالیں.

۲۔ مَارَأْیُكَ لَوْجَلَسْنَافِیْ أَوَّلِ الْمَائِدَةِ فَإِنَّ الطَّعَامَ قَدْوُضِعَ هُنَاكَ. — ۲: کیا خیال ہے اگر دستر خوان کے شروع میں ہی بیٹھ جائیں کیونکہ وہاں کھانا رکھ دیا گیا ہے.

۱۔ جَیِّدٌ فَلْنَجْلِسْ. — ۱: ٹھیک ہے بیٹھ جاتے ہیں.

۲۔ یَاصَاحِبَ الْمَرَقِ! صُبَّ لَنَاقَلِیْلًامِنَ الْمَرَقِ وَلَاتَنْسَانَا فِی اللَّحْمِ. — ۲: سالن والے: ہمارے لئے تھوڑا سا سالن ڈال دیں اور گوشت ڈالنا بھی مت بھولئے.

صَاحِبُ الْمَرَقِ: يَاأَخِيْ! أَنَامَأْمُوْرٌ بِأَنْ أُعْطِيَ كُلَّ طَالِبٍ قِطْعَتَيْ لَحْمٍ فَقَطْ. سالن والا: بھائی! مجھے ہر طالب علم کو صرف دو بوٹیاں دینے کا کہا گیا ہے۔

۲۔ لَابَأْسَ لٰكِنَّنَانُرِيْدُ هَبْرَتَيْنِ لَاعَظْمَ فِيْهِمَا. ۲: کوئی بات نہیں لیکن ہم بغیر ہڈی والی دو بوٹیاں چاہتے ہیں۔

صَاحِبُ الْمَرَقِ: كَمْ غُرْفَةً تَكْفِيْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا؟ سالن والا: تم دونوں میں سے ہر ایک کیلئے کتنے چمچ کافی ہیں؟

۲۔ تَكْفِيْنَا ثَلَاثُ غُرَفٍ. ۲: تین چمچ ہمارے لئے کافی ہیں۔

۱۔ يَاأَخِيْ! اُطْلُبْ لَنَاالرُّزَّفَأَنَاآكُلُ الْمَرَقَ مَعَ الرُّزِّ. یار! ہمارے لئے چاول منگوالو میں سالن چاول کے ساتھ کھاؤنگا

صَاحِبُ الْمَرَقِ: يَاأَخِيْ! مَاعَلَيَّ إِلَّا تَقْسِيْمُ الْمَرَقِ فَقُلْ لِلَّذِيْ أَمَامَكَ. سالن والا: میرے ذمہ صرف سالن تقسیم کرنا ہے تمہارے سامنے جولڑکا ہے اس سے کہہ دو۔

۲۔ الطَّعَامُ لَابَأْسَ بِهِ إِلَّاأَنَّ الْمَرَقَ خَفِيْفٌ ۲: کھانا ٹھیک ہے مگر سالن کچھ ہلکا ہے۔

۱۔ وَلٰكِنَّهُ مَعَ خِفَّتِهِ لَذِيْذٌ جِدًّا. ۱: لیکن ہلکے پن کے باوجود مزیدار ہے۔

۲۔ مَعْذِرَةً! يَاأَخِيْ! اَلْأَرُزُّمَاسِخٌ فَأْتِ بِالْمِمْلَحَةِ لِنَنْشُرَعَلَيْهِ الْمِلْحَ. ۲: معاف کرنا بھائی! چاول پھیکے ہیں نمک دانی لے آؤ تا کہ ہم اس پر نمک ڈال دیں۔

۳۔ خُذْهَا يَاأَخِيْ! وَارْجِعْهَا بِسُرْعَةٍ فَإِنَّ الْآخَرِيْنَ بِحَاجَتِهَا أَيْضًا. ۳: بھائی یہ لو! اور جلدی واپس کرو کیونکہ دوسروں کو بھی ضرورت ہے۔

۲۔ شُكْرًالَكَ يَاأَخِيْ! ۲: بھائی آپکا شکریہ!

۱۔ عَلَيْنَا أَنْ لَا نَتْرُكَ شَيْئًا عَلَى الْمَائِدَةِ ۱: ہمیں چاہیئے کہ دستر خوان پر کچھ چیز بھی نہ چھوڑیں

۲۔ لِمَ لَا تَأْكُلُ اللَّحْمَ يَاأَخِيْ! هَلْ تَحْتَمِيْ مِنْهُ؟ ۲: بھائی تم گوشت کیوں نہیں کھا رہے ہو کیا تمہارا اس سے پرہیز ہے۔

١ـ نَعَمْ! عِنْدِیْ حِمْيَةٌ مِنَ اللَّحْمِ فَكُلْهُ أَنْتَ. ١: جی ہاں! مجھے گوشت سے پرہیز ہے تم کھالو

٢ـ اَلْحَمْدُلِلّٰه! قَدْ شَبِعْتُ وَلَا أُرِيْدُ مَزِيْدًا ٢: الحمدللہ! میں سیر ہو چکا مزید نہیں چاہتا ہوں

حِوَارٌ فِیْ مَطْعَمِ السُّوقِ لِلْمُسْتَوَی الْأَوَّلِ

(بازار کے ریسٹورنٹ سے متعلق گفتگو لیول:١)

١ـ هَلْ تَشْعُرُ بِالْجُوْعِ ؟ ١: کیا آپ کو بھوک لگ رہی ہے؟

٢ـ نَعَمْ! يَاأَخِیْ بَطْنِیْ يُقَرْقِرُمِنْ شِدَّةِ الْجُوْعِ. ٢: جی ہاں بھائی! میرے پیٹ میں تو بھوک کے مارے چوہے دوڑ رہے ہیں.

١ـ مَا هُوَ طَعَامُ الْيَوْمِ ؟ ١: آج کھانے میں کیا ہے؟

٢ـ يَاأَخِیْ! كَالْعَادَةِ الْعَدَسُ. ٢: بھائی! حسب عادت دال ہے.

١ـ مَارَأْيُکَ لَوْ نَذْهَبُ إِلَی مَطْعَمٍ أَمَامَ الْمَدْرَسَةِ. ١: کیا خیال ہے اگر مدرسہ کے سامنے والے ریسٹورنٹ چلیں.

٢ـ نِعْمَ الرَّأْیُ مِنْ نِعْمَ الْأَخِ وَلٰكِنْ بِشَرْطِ أَنَّ الدَّفْعَ عَلَیَّ . ٢: اچھے بھائی کی بہترین رائے ہے لیکن اس شرط کے ساتھ کہ پیسے میں دونگا.

١ـ لَا يَاأَخِیْ! بَلْ كِلانَا نَدْفَعُ . ١: نہیں بھائی! بلکہ ہم دونوں مشترکہ دینگے.

٢ـ طَيِّبٌ! هَيَّا بِسُرْعَةٍ لِنَرْجِعَ مُبَكِّرِيْنَ. ٢: ٹھیک ہے! جلدی آؤ تاکہ جلدی لوٹ کر آئیں

١ـ أَ نَجْلِسُ دَاخِلَ الْمَطْعَمِ أَمْ بِالْخَارِجِ؟ ١: ہوٹل کے اندر بیٹھیں یا باہر

٢ـ اَلْأَفْضَلُ أَنْ نَجْلِسَ دَاخِلَ الْمَطْعَمِ. ٢: بہتر یہ ہے کہ ہوٹل کے اندر بیٹھیں

١ـ طَيِّبٌ! فَلْنَجْلِسْ هُنَاکَ فَإِنَّهُ فَارِغٌ. ١: ٹھیک ہے! پھر وہاں بیٹھتے ہیں وہ جگہ فارغ ہے

٢ـ مَاذَا تَشْتَهِیْ مِنَ الْأَطْعِمَةِ؟ ٢: آپ کھانے میں کیا پسند کرینگے؟

ا ـ أَوَّلاً عَلَيْنَا أَنْ نَعْرِفَ مَاذَا عِنْدَهُمْ مِنَ الْأَطْعِمَةِ	ا: پہلے ہمیں معلوم کرنا چاہئے کہ انکے پاس کھانے میں کیا ہے.
٢ ـ عِنْدَهُمْ اَلدَّجَاجُ الْمَشْوِيُّ وَالْمَقْلِيُّ وَالْمَسْلُوقُ وَأَيْضًا مَرَقُ الدَّجَاجِ.	٢: انکے پاس مرغی روسٹ اور مرغی کڑاہی اور مرغی سوپ ہے اور مرغی سالن بھی ہے.
ا ـ مَاذَا عِنْدَهُمْ مِنَ اللُّحُومِ الْحَمْرَاءِ؟	ا: بڑے گوشت میں سے انکے پاس کیا ہے؟
٢ ـ عِنْدَهُمْ لَحْمُ الشَّاةِ الْمَقْلِيُّ وَكَذَالِكَ لَحْمُ الْخَرُوْفِ.	٢: انکے پاس بکری کا بھنا ہوا گوشت ہے اور اسی طرح دنبے کا گوشت ہے.
ا ـ هَلْ عِنْدَهُمْ أَسْمَاكٌ؟	ا: کیا انکے پاس مچھلیاں ہیں؟
٢ ـ نَعَمْ! بِنَوْعَيْهِ الْبَحْرِيِّ وَالنَّهْرِيِّ وَيُطْبَخُ الرُّوْبِيَانُ فِيْ هَذَا الْمَطْعَمِ أَيْضًا.	٢: جی ہاں! دونوں قسمیں ہیں سمندری بھی اور نہر والی بھی اور اس ریسٹورنٹ میں جھینگا بھی پکتا ہے.
ا ـ جَمِيْلٌ! فَأَنَا أَطْلُبُ طَبَقًا مِنَ السَّمَكِ وَطَبَقًا آخَرَ مِنَ اللَّحْمِ بِالْخَضْرَاوَاتِ.	ا: خوب ہے! میں ایک پلیٹ مچھلی اور دوسری پلیٹ سبزی گوشت کی منگواؤنگا.
٢ ـ وَأَنَا أَطْلُبُ الدَّجَاجَ الْمَشْوِيَّ.	٢: میں بھنی ہوئی مرغی منگواؤنگا.

(بَعْدَ وَضْعِ الطَّعَامِ عَلَى الْمَائِدَةِ) دسترخواں پر کھانا رکھنے کے بعد.

ا ـ وَاللّٰهِ! لَقَدْ بَرَعُوْا فِيْ طَبْخِ هَذَا السَّمَكِ فَهُوَ لَذِيْذٌ جِدًّا.	ا: بخدا! انہوں نے مچھلی بہت مہارت سے بنائی ہے بہت مزیدار ہے.
٢ ـ هَذَا الْمَطْعَمُ مَشْهُوْرٌ جِدًّا وَأَنَا إِذَا جَاءَ نِيْ ضَيْفٌ آخُذُهُ إِلَى هَذَا الْمَطْعَمِ.	٢: یہ ریسٹورنٹ بہت مشہور ہے اور میرا جب کوئی مہمان آتا ہے تو میں اس کو اسی ریسٹورنٹ لاتا ہوں.
ا ـ حَقًّا يَا أَخِيْ! لَمْ أَذُقْ مِثْلَ هَذَا السَّمَكِ فِيْ حَيَاتِيْ	ا: واقعی یار! میں نے اس جیسی مچھلی زندگی بھر نہیں چکھی ہے

٢۔ أَرْجُوْ أَنْ تُكْمِلَ كُلَّ مَاعَلَى الْمَائِدَةِ.	٢: میری خواہش ہے کہ آپ دستر خواں پر پڑی تمام چیزوں کو ختم کر دو
١۔ اِنْتَهَيْتُ مِنَ الطَّعَامِ وَالحَمْدُلِلّٰهِ!	١: الحمدللہ! میں نے کھانا کھالیا.
٢۔ أَلا تُكْمِلُ هٰذَا؟	٢: یہ مکمل نہیں کروگے؟
١۔ يَاأَخِيْ! إِنْ أَكَلْتُ الْآنَ شَيْئًايَكَادُ بَطْنِيْ يَنْفَجِرُ	بھائی! اب اگر میں نے کچھ بھی کھایا تو میرا پیٹ پھٹ جائے
٢۔ طَيِّبْ! نَطْلُبُ الْمُضِيْفَ لِنَسْئَلَهُ عَنِ الْحِسابِ	٢: ٹھیک ہے! ویٹر کو بلاتے ہیں تاکہ بل کے بارے میں پوچھیں.
مُضِيْفٌ: حِسَابُكُمْ خَمْسُ مِائَةٍ وَخَمْسُوْنَ رُوْبِيَّةً	١: ویٹر! آپ کا بل ساڑھے پانچ سو روپے ہے
٢۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ! هٰذَاالْحِسَابُ قَلِيْلٌ جِدًّا	٢: سبحان اللہ! یہ بل تو بہت کم ہے.

حِوَارٌ فِیْ مَطْعَمِ السُّوْقِ لِلْمُسْتَوَی الثَّانِی

(بازار کے ریسٹورنٹ سے متعلق گفتگو لیول:۲)

ا۔ یَاأَخِیْ!هَلْ لَکَ أَنْ تَدُلَّنِیْ عَلٰی مَطْعَمٍ مُمْتَازٍ	ا: بھائی! کیا آپ مجھے کوئی اچھا ریسٹورنٹ بتا سکتے ہیں؟
۲۔ نَعَمْ وَبِکُلِّ سُرُوْرٍاَلْمَطْعَمُ خَلْفَ هٰذَاالشَّارِعِ	۲: جی ہاں! بالکل خوشی سے ریسٹورنٹ اس روڈ کے پیچھے ہے
ا۔ شُکْرًا لَکَ یَاأَخَانَا!	ا: بھائی! آپ کا شکریہ.
(فِی الْمَطْعَمِ)	ریسٹورنٹ میں.
ا۔ نَحْنُ أَرْبَعَةٌ وَنُرِیْدُأَنْ نَحْجِزَ مَقْعَدًافِیْ تِلْکَ الزَّاوِیَةِ	ا: ہم چار افراد ہیں اور اس کونے میں اپنے لئے ایک بینچ لگوانا چاہتے ہیں.
صَاحِبُ الْمَطْعَمِ: أَهْلًاوَسَهْلًا	ریسٹورنٹ والا: خوش آمدید آیئے
مُضِیْفٌ: مَاذَاتُحِبُّوْنَ أَنْ تَتَنَاوَلُوْا؟	ویٹر: آپ لوگ کیا کھانا پسند کرینگے؟
ا۔ هَاتِ قَائِمَةَ / دَلِیْلَ الْأَکَلاتِ نَخْتَرْمِنْهَا.	ا: کھانے کی فہرست لے آؤ ہم اسمیں سے پسند کرلیں گے
مُضِیْفٌ: اَلْقَائِمَةُ أَمَامَکُمْ یَاسَیِّدِیْ!	ویٹر: جناب! فہرست آپ کے سامنے ہے.
ا۔ طَیِّبٌ!هَاتِ لَنَامَاءً بَارِدًارَیْثَمَاتَرْجِعُ نَکُوْنُ قَدِاخْتَرْنَا.	ا: ٹھیک ہے! ہمارے لیئے ٹھنڈا پانی لے آئیں جتنی دیر میں تم آؤ گے ہم پسند کر چکے ہونگے.
ا۔ نَعَمْ یَاإِخْوَةُ!اَلْقَائِمَةُ أَمَامَکُمْ أُطْلُبُوْامَاشِئْتُمْ مِنَ الْأَطْعِمَةِ.	ا: ہاں بھائیو! فہرست آپکے سامنے ہے جو کھانا چاہو آڈر دو.
۲۔ أُرِیْدُ طَبَقًامِنَ الْبِرْیَانِیْ مَعَ صَلْصَةٍ.	۲: میرے لئے ایک پلیٹ بریانی رائتہ کیساتھ لائیں

٣۔ أَمَّا أَنَا فَأَطْلُبُ طَبَقًا مِنَ السَّمَكِ وَطَبَقًا مِنَ الْأَرُزِّ الْأَفْغَانِيِّ.	٣: میں تو ایک پلیٹ مچھلی اور ایک پلیٹ افغانی چاول کی چاہوں گا.
٤۔ يَا أَخِيْ! اُطْلُبْ لِيْ مَا شِئْتَ فَكُلُّ مَا تَجُوْدُ بِهِ يَدَاكَ فَهُوَ يُعْجِبُنِيْ.	٤: بھائی! میرے لیے جو تم چاہو منگوالو جو کچھ بھی آپکی طرف سے آئے وہ مجھے پسند ہے.
١۔ شُكْرًا لَكَ هٰذَا مِنْ حُسْنِ أَخْلَاقِكَ	١: آپ کا شکریہ! یہ آپ کے عمدہ اخلاق ہیں.
مُضِيْفٌ: هَا هُوَ الْمَاءُ الْبَارِدُ.	ویٹر: یہ رہا ٹھنڈا پانی.
١۔ طَيِّبٌ! اِخْتَرْنَا هٰذِهِ الْأَطْعِمَةَ فَنَرْجُوْ أَنْ تُسْرِعَ فِيْ تَجْهِيْزِهَا.	١: ٹھیک ہے! ہم نے یہ کھانے پسند کئے ہیں برائے کرم اسکے تیار کرنے میں جلدی کرنا.
(وُضِعَ الطَّعَامُ عَلَى الْمَائِدَةِ)	کھانا دسترخواں پر رکھ دیا گیا.
٢۔ جَزَا اللّٰهُ الطَّبَّاخَ خَيْرًا قَدْ أَتْقَنَ فِيْ طَبْخِ الْأَطْعِمَةِ	اللہ تعالی باورچی کو جزا خیر دے کھانے بہت عمدہ بنائے ہیں
مُضِيْفٌ: هَلْ تَحْتَاجُوْنَ إِلَى شَيْءٍ؟	ویٹر: کیا آپ لوگوں کو کسی اور چیز کی بھی ضرورت ہے؟
٣۔ هَاتِ سِكِّيْنًا وَشَوْكَةً .	٣: چھری اور کانٹا لے آؤ.
(بَعْدَ الطَّعَامِ)	کھانے کے بعد
١۔ نَعَمْ يَا إِخْوَةُ! أَيُّهُمَا تُفَضِّلُوْنَ الشَّايَ الْأَحْمَرَ أَمْ الْأَخْضَرَ أَمْ يُعْجِبُكُمُ الشَّايُ بِالْحَلِيْبِ؟	١: جی بھائیو! کونسی چائے پسند کرو گے سرخ چائے یا سبز چائے یا دودھ والی چائے پسند ہے؟
٣۔ أَمَّا أَنَا فَلَا أَشْتَهِيْ شَيْئًا بَعْدَ الطَّعَامِ.	٣: مجھے تو کھانے کے بعد کچھ پسند نہیں.
٢۔ اُطْلُبْ لَنَا الشَّايَ الْأَخْضَرَ فَإِنَّهُ مُفِيْدٌ لِلْهَضْمِ	٢: ہمارے لیئے سبز چائے منگوالو، وہ ہاضمہ کیلیئے مفید ہے.
مُضِيْفٌ: هٰذِهِ فَاتُوْرَةُ حِسَابِكُمْ.	ویٹر: یہ آپ لوگوں کا بل ہے.

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

مَطْبَخٌ	باورچی خانہ	بَيْضَةٌ مَقْلِيَّةٌ	تلا ہوا انڈا
مَطْعَمٌ	کھانے کی جگہ	بَيْضَةٌ مَسْلُوْقَةٌ	ابلا ہوا انڈا
إِدَامٌ	سالن	صَلْصَةٌ	چٹنی/رائتہ
سَمِيْدٌ/سَمِيْذٌ	سوجی	خَسٌّ،سَلَاطَةٌ	سلاد
مَرَقٌ	شوربا	كَامِخٌ	اچار
أُرُزٌّ/رُزٌّ	چاول	زُبْدٌ/زُبْدَةٌ	مکھن
لَحْمٌ	گوشت	قِشْدَةٌ ، قِشْطَةٌ	بالائی
لَحْمُ الدَّجَاجِ	مرغی کا گوشت	حَلِيْبٌ	دودھ
اَلدَّجَاجُ الْمَقْلِيُّ	تلی ہوئی مرغی	رَوْبٌ/اَللَّبَنُ الرَّائِبُ	دہی/لسی
اَلدَّجَاجُ الْمَشْوِيُّ	انگاروں پر بھنی ہوئی مرغی	خَلٌّ	سرکہ
اَلدَّجَاجُ الْمَسْلُوْقُ	مرغی کی یخنی	تَوَابِلُ	مصالحہ
اَللُّحُوْمُ الْحَمْرَاءُ	گائے،بکری وغیرہ کا گوشت	خَرْدَلٌ	رائی
حِمَّصٌ مَجْرُوْشٌ	چنے کی دال	سِمْسِمَةٌ	تِل
عَدَسٌ	دال	دُخْنٌ	باجرا
سَمْنٌ	گھی	ذُرَةٌ	مکئی
زَيْتٌ	تیل	قَمْحٌ	گندم
دَقِيْقٌ	آٹا	مِلْحٌ	نمک
خُبْزٌ/ رَغِيْفٌ	روٹی	سُكَّرٌ	چینی

عَجِينٌ	گوندھا ہوا آٹا	قَاقُلَّةٌ / هِيلٌ	الائچی
فَطِيرَةٌ	پراٹھا	قِرْفَةٌ	دارچینی
شَعِيرٌ	جو	قَرَنْفُلٌ	لونگ
نَقِيُّ الدَّقِيقِ	میدہ	عُجَّةٌ	انڈے کا آملیٹ
بَيْضَةٌ	انڈا	دِبْسٌ	کھجور کا شیرہ
عَسَلٌ	شہد	زَعْفَرَانُ	زعفران

مُفْرد	جَمْع	مَعنى
إِنَاءٌ	أَوَانِي	برتن
صَحْنٌ	صُحُوْنٌ	پلیٹ
طَبَقٌ	أَطْبَاقٌ	بڑی پلیٹ
مِلْعَقَةٌ	مَلَاعِقُ	چمچ
مِغْرَفَةٌ	مَغَارِفُ	سالن ڈالنے کا چمچہ
كَأْسٌ	كُؤُوْسٌ	گلاس
دَوْرَقٌ	دَوَارِقُ	جگ
إِبْرِيْقٌ	أَبَارِيْقُ	لوٹا
كُوْبٌ	أَكْوَابٌ	کپ
صَحْنُ الْفِنْجَانِ	صُحُوْنُ الْفِنْجَانِ	پرچ / ساسر
فِنْجَانٌ	فَنَاجِيْنُ	پیالی

تُرْمُسٌ/تُرْمُزٌ	تَرَامِسُ / تَرَامِزُ	تھرماس
جَفْنَةٌ	أَجْفَانٌ	تسلا
طَسْتٌ	طُسُتٌ	ٹب
قِدْرٌ	قُدُوْرٌ	دیگ/ہانڈی
غَلَّايَةٌ	غَلَّايَاتٌ	کیتلی/سماوار
دَلْوٌ/سَطْلٌ	دِلاءٌ /أَسْطَالٌ	بالٹی
صِيْنِيَّةٌ	صِيْنِيَّاتٌ	ٹرے
سِكِّيْنٌ	سَكَاكِيْنُ	چھری
مِقْلاةٌ	مِقْلايَاتٌ	فرائینگ پن
قِدْرُ الضَّغْطِ	قُدُوْرُ الضَّغْطِ	پریشر کوکر
مِصْفَاةُ الشَّايِ	مَصَافِ الشَّايِ	چائے کی چھلنی
مِنْخَلُ الدَّقِيْقِ	مَنَاخِلُ الدَّقِيْقِ	آٹے کی چھلنی
مِرْقَاقٌ/مِطْلَمَةٌ	مَرَاقِقُ/مَطَالِمُ	بیلن
مِمْلَحَةٌ	مِمْلَحَاتٌ	نمک دان
رَفٌّ	رُفُوْفٌ	الماری
مِغْسَلَةٌ	مَغَاسِلُ	بیسن
مَاسِحَةٌ	مَاسِحَاتٌ	پوچھن
خَلَّاطٌ	خَلَّاطَاتٌ	جوسر مشین
فَرَّامَةٌ	فَرَّامَاتٌ	قیمہ بنانے کی مشین

فُرْنٌ/ تَنُّوْرٌ	أَفْرَانٌ/تَنَانِيْرُ	تنور
مَائِدَةٌ/سُفْرَةٌ/خِوَانٌ	مَوَائِدُ/سُفَرٌ/أَخْوِنَةٌ	دسترخوان
مَائِدَةُ الطَّعَامِ	مَوَائِدُ الطَّعَامِ	کھانے کی میز
قِنِّيْنَةُ الْغَازِ	قَنَانِی	گیس سلینڈر
مَوْقِدٌ	مَوَاقِدُ	چولھا
كِبْرِيْتٌ		ماچس
عُوْدُ الْكِبْرِيْتِ	أَعْوَادُ الْكِبْرِيْت	ماچس کی تیلی
ثَلَّاجَةٌ	ثَلَّاجَاتٌ	فرج
مُجَمِّدٌ	مُجَمِّدَاتٌ	فریزر
مِلْقَطٌ	مَلَاقِطُ	چمٹا
عُلْبَةٌ	عُلَبٌ	ڈبہ
أَرْضِيَّةٌ	أَرْضِيَاتٌ	فرش
رَمَادٌ	أَرْمِدَةٌ	راکھ
سَفُّوْدٌ	سَفَافِيْدُ	سیخ
عُرْوَةُ الْجَفْنَةِ		تسلے کا قبضہ
خُبْزٌ إِفْرَنْجِیٌّ/خُبْزٌ مُضَاعَفٌ		ڈبل روٹی
عَصِيْرٌ		رس، جوس
مَشْرُوْبُ الْغَازِ		بوتل

اَلْجُمَلُ اللَّتِيْ تَتعَلَّقُ بِالْمَطْعَمِ

(مطعم سے متعلق جملے)

هَذَاالْإِدَامُ مَالِحٌ جِدًّا	یہ سالن بہت نمکین ہے	شَنِّقِ الْعَجِيْنَ.	آٹے کے پیڑے بناؤ
هَذَاالْأَرُزُّ مَاسِخٌ	یہ چاول پھیکے ہیں.	هَلْ تَعَشَّيْتَ؟	کیاتم نے رات کا کھانا کھالیا
هَذَاالْمَرَقُ بَائِتٌ	یہ شوربا باسی ہے.	هَلْ أَفْطَرْتَ ؟	کیاتم نے ناشتہ کرلیا ہے؟
هَذَاالْخُبْزُ يَابِسٌ	یہ روٹی سوکھی ہوئی ہے	أَعْطِنِيْ خُبْزَةً إِضَافِيَّةً	مجھے ایک زائد روٹی دیدو
هَذَاالْخُبْزُ بَائِتٌ	یہ روٹی باسی ہے.	تَنَاوَلِ الطَّعَامَ بِهُدُوْءٍ	کھانا آرام سے کھاؤ
هَذَاالْخُبْزُ مُحْتَرِقٌ	یہ روٹی جلی ہوئی ہے.	اِلْعَقْ أَصَابِعَكَ.	اپنی انگلیوں کو چاٹ لو
هَذَااللَّحْمُ نَتِنٌ	یہ گوشت خراب ہے.	أَعْطِنِيْ كِسْرَةَ خُبْزٍ	مجھے روٹی کا ایک ٹکڑا دے دو
هَذَاالْخُبْزُ مُخْتَمِرٌ	یہ خمیری روٹی ہے.	اِسْقِنِيْ مَاءً يَاأَخِيْ!	بھائی! پانی پلادو
هَذَاالْخُبْزُ طَرِيٌّ	یہ روٹی تازی ہے.	أُرِيْدُقَلِيْلًا مِنَ الْأَرُزِّ	مجھے تھوڑے چاول دے دو
اَلطَّعَامُ جَاهِزٌ	کھانا تیار ہے.	نَاوِلْنِيْ كَأْسًامِنَ الْمَاءِ	مجھے ایک گلاس پانی دے دو
مُدَّ الشَّنْقَةَ	پیڑا ہموار کرو	زِدْنِيْ مَرَقًا يَاأَخِيْ!	بھائی! مجھے اور سالن دو.
اَلْمَاءُ مَالِحٌ وَثَقِيْلٌ	پانی نمکین و بھاری ہے	هَذَا كَثِيْرٌ قَلِّلْ مِنْهُ	یہ بہت ہے اسے کم کردو

اَلْمَرَقُ لَذِيْذٌوَشَهِيٌّ	شوربا مزیدار اور مرغوب ہے
هَلْ تَنَاوَلْتَ/أَكَلْتَ؟	کیاتم نے کھانا کھالیا؟
هَذَااللَّحْمُ طَازِجٌ/طَرِيٌّ	یہ گوشت تازہ ہے.
وَاللّٰهِ! هَذَاالْمَرَقُ مُرٌّ جِدًّا.	بخدا! یہ سالن بہت کڑوا ہے.
هَلْ تَغَدَّيْتَ يَاأَخِيْ!	بھائی! کیاتم نے دوپہر کا کھانا کھالیا ہے؟

يَاأَخِيْ لَا تَعِبِ الطَّعَامَ	بھائی! کھانے میں عیب مت نکالو
اِبْدَأْ بِالطَّعَامِ،أَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يُعْجِبَكَ	کھانا شروع کریں، اللہ کرے کہ آپ کو اچھا لگے!
يُعْجِبُنِيْ أَنْ آكُلَ الرُّزَّ مَعَ الْمَرَقِ.	مجھے چاول شوربا کیساتھ کھانا پسند ہے.
كُلْ هٰذَاالْمَرَقَ بِكُلِّ حَذَرٍ فَإِنَّهُ لَاذِعٌ جِدًّا.	یہ سالن احتیاط کے ساتھ کھاؤ کیونکہ یہ بہت مرچوں والا ہے
اَلْخُبْزُ لَمْ يُطْهَ جَيِّدًا.	روٹی اچھی طرح نہیں پکائی گئی ہے
هٰذَاالْخُبْزُ كَأَنَّهُ لَمْ تَمَسَّهُ النَّارُ.	یہ روٹی ایسی ہے گویا اسکو آگ لگی ہی نہیں.
هٰذَاالْخُبْزُ قَدْ اِسْوَدَّ مِنْ شِدَّةِ الْاِحْتِرَاقِ.	بہت زیادہ جلنے کیوجہ سے یہ روٹی کالی ہوگئی ہے
هٰذَااللَّحْمُ غَيْرُ نَاضِجٍ/نِيٌّ.	یہ گوشت کچا ہے.
اُسْكُبْ لِيْ مَاءً افِيْ هٰذَاالْكَأْسِ.	میرے لئے اس گلاس میں پانی ڈال دو.
اُسْكُبْ لِيْ غُرْفَةً وَاحِدَةً.	میرے لئے ایک چمچہ ڈال دو.
لَا تَدَعْ كِسْرَةَ خُبْزٍ سَاقِطَةً.	روٹی کے کسی ٹکڑے کو یوں پڑا ہوا مت چھوڑو.
اِلْعَقِ الصَّحْنَ وَالْأَصَابِعَ.	پلیٹ اور انگلیاں چاٹ لو.
اِمْسَحِ السُّفْرَةَ قَبْلَ وَضْعِ الْخُبْزِ عَلَيْهَا.	روٹی رکھنے سے پہلے دسترخوان صاف کردو.
ذُرَّقَلِيْلًا مِنَ الْفُلْفُلِ الْأَسْوَدِ عَلَى الْبَيْضَةِ.	انڈے پر کچھ کالی مرچ ڈال دو.
طُبِخَ اللَّحْمُ حَتَّى اِهْتَرَأَ/ذَابَ	گوشت پک کر ریشہ ریشہ ہوگیا.
إِحْذَرْ يَاأَخِيْ!مِنْ أَنْ تَتَنَاوَلَ السِّكِّيْنُ إِصْبَعَكَ فَإِنَّهَاحَادَةٌ جِدًّا.	بھائی احتیاط کرو! کہیں چھری سے تمہاری انگلی کٹ نہ جائے کیونکہ وہ بہت تیز ہے.
أَرْجُوْ أَنْ تَصْنَعَ لِيْ طَبَقًامِنَ الْمُخَلَّلَاتِ.	برائے مہربانی میرے لئے ایک پلیٹ سلاد تیار کردو

نَظِّفِ السُّفْرَةَ بِالْخِرْقَةِ مَعَ الصَّابُوْنِ .	دسترخوان کو صابن لگے ہوئے کپڑے کے ذریعہ صاف کردو.
اَلْمَرَقُ بَارِدٌ فَأَرْجُوْ أَنْ تُسَخِّنَهُ لِيْ .	سالن ٹھنڈا ہے برائے مہربانی اسکومیرے لئے گرم کردو.
فُرِشَتِ السُّفَرُ.	دسترخوان بچھادیئے گئے ہیں

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْمَطْعَمِ

(مطعم سے متعلق سوالات وجوابات)

١ :وَاللّٰهِ! اَلْمَطْعَمُ مُزْدَحِمٌ جِدًّا.	١: بخدا ! ریسٹورنٹ میں تو بہت رش ہے.
٢ :طَبْعًا!يَاأَخِيْ! لِأَنَّهُ مَطْعَمٌ مَعْرُوْفٌ جِدًّا	٢: ظاہری بات ہے یہ بہت مشہور ہوٹل ہے.
١ :هٰذَاالْمَطْعَمُ مَشْهُوْرٌ بِالْأَطْعِمَةِ الشَّهِيَّةِ	١: یہ ریسٹورنٹ مزیدار کھانوں میں مشہور ہے.
٢ :لٰكِنْ لَمْ يَسْبِقْ لِي الْأَكْلُ فِيْهِ.	٢: لیکن میں نے اس میں پہلے کبھی نہیں کھایا ہے
١ :هَلْ نَأْكُلُ فِيْ إِنَاءٍ وَاحِدٍأَمْ إِنَائَيْنِ ؟	١: کیا ایک پلیٹ میں کھائیں یا دو میں؟
٢ :اَلْأَفْضَلُ أَنْ نَأْكُلَ فِيْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ.	٢: بہتر یہ ہے ہم ایک ہی برتن میں کھائیں.
١ :هَلْ تَتَمَتَّعُ بِلَذَّةِ الطَّعَامِ؟	١: کیا کھانے میں مزہ آرہا ہے؟
٢ :بِالْفِعْلِ يَاأَخِيْ! لَذِيْذٌ جِدًّا.	٢: بالکل بھائی بہت مزیدار ہے.
١ :هٰذَاالْإِدَامُ خَفِيْفٌ كَأَنَّهُ مَاءٌ وَتَوَابِلُ.	یہ سالن بہت پتلا ہے گویا صرف پانی اور مسالے ہیں
١ :اَلْمَرَقُ قَدْ تَغَيَّرَ طَعْمُهُ لِطُوْلِ الْمُكْثِ	١: زیادہ پڑا رہنے کی وجہ سے شوربے کا ذائقہ بدلا ہوا ہے
٢ :إِذَنْ يَنْبَغِيْ أَنْ نَطْلُبَ إِدَامًا آخَرَ.	٢: تب تو دوسرا سالن منگوانا چاہئے.
١ :هٰذَاالْخُبْزُ غَيْرُ نَاضِجٍ كَأَنَّهُ عَجِيْنٌ.	١: یہ روٹی کچی ہے گویا کہ آٹے کا پیڑا ہے.
٢ :يَاأَخِيْ! إِذَا لَاتُرِيْدُ الْأَكْلَ فَلَا تَعِبِ الطَّعَامَ .	بھائی! اگر تم کھانا نہیں چاہتے تو کھانے میں عیب جوئی مت کرو

١ :هَذَاالطَّعَامُ مُفَلْفَلٌ جِدًّا.
ا: یہ کھانا بہت مرچوں والا ہے.

١ :هَذَاالطَّعَامُ لَاذِعٌ مِنْ كَثْرَةِ التَّوَابِلِ.
ا: بہت زیادہ مسالوں کیوجہ سے یہ کھانا منہ جلانے والا ہے

٢ :نَعَمْ! هٰؤُلَاءِ يُكْثِرُوْنَ اِسْتِعْمَالَ التَّوَابِلِ
۲: جی ہاں! یہ لوگ مسالے بہت استعمال کرتے ہیں

١ :هَذَاأَشْهَى طَعَامٍ عِنْدِىْ.
ا: میرے نزدیک یہ سب سے مزیدار کھانا ہے.

٢ :أَمَّاأَنَا فَلَا يُعْجِبُنِىْ هَذَاالطَّعَامُ.
۲: لیکن مجھے تو یہ کھانا پسند نہیں.

١ :لَا تَقُمْ حَتَّى تَشْبَعَ تَمَامًا.
ا: مکمل سیر ہونے سے پہلے مت اٹھنا.

٢ :وَاللّٰهِ! لَاأَقْوٰى عَلَى الْمَزِيْدِ مِنَ الطَّعَامِ.
۲: بخدا! مزید کھانے کی طاقت نہیں ہے.

١ :هَذِهِ السُّفْرَةُ لَيْسَتْ بِنَظِيْفَةٍ.
ا: یہ دستر خوان صاف نہیں ہے.

٢ :يَاأَخِىْ! قَدْ نَظَّفْتُهَا قَبْلَ قَلِيْلٍ
۲: بھائی! میں نے تھوڑی دیر پہلے صاف کیا ہے

١ :اَلْحَلِيْبُ مَاسِخٌ جِدًّافَأَرْجُوْأَنْ تُدْلِيَ فِيْهِ شَيْئًامِنَ السُّكَّرِ.
ا: دودھ بہت بے مزہ ہے برائے مہربانی اسمیں کچھ چینی ڈال دو.

٢ :أَدْلَيْتُ السُّكَّرَ فِيْهِ وَلٰكِنْ لَمْ تَخْلُطْهُ جَيِّدًا.
۲: میں نے اس میں چینی ڈالی ہے لیکن تم نے اچھی طرح نہیں ہلائی.

١ :يَاعُمَرُ!نَادِ إِخْوَانَكَ جَمِيْعًاعَلَى السُّفْرَةِ فَإِنَّ الطَّعَامَ قَدْ نَضِجَ.
ا: عمر! اپنے سارے بھائیوں کو دستر خوان پر بلالو کھانا تیار ہو چکا ہے.

٢ :نَادَيْتُهُمْ مَرَّةً لٰكِنَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ .
۲: میں نے انہیں ایک دفعہ بلایا ہے لیکن وہ کھیل رہے ہیں.

١ :بَدَأَتِ الْقِدْرُ تَغْلِىْ فَهَلْ أُدْلِى التَّوَابِلَ فِيْهَا؟
ا: ہانڈی نے ابلنا شروع کردیا کیا اس میں مسالہ ڈال دوں؟

٢ :يُمْكِنُكَ ذٰلِكَ وَإِيَّاكَ وَكَثْرَتَهَافَإِنَّهَا تَضُرُّ
۲: ہاں ڈال سکتے ہو لیکن زیادہ مسالہ ڈالنے سے بچنا کیونکہ وہ نقصان دہ ہے

١ :لَيسَ مِنُ عَادَتِي أَنُ أَتَنَاوَلَ العَشَاءَ مُبَكِّرًا ١:رات کوجلدی کھانا میری عادت نہیں ہے.

٢ :لا عَلَيکَ إِنُ تنَاوَلْتَ الْيَوْمَ مُبَكِّرًا. ٢:اگر آج آپ جلدی کھالیں تو کوئی نقصان نہیں ہوگا

١ :تَفَضَّلُ نَنطَلِقُ إِلَى غُرُفَةِ الطَّعَامِ فَإِنَّهُ جَاهِزٌ ١:ڈائننگ روم تشریف لائیے کھانا تیار ہے.

٢ :إِنْتَظِرُنِي قَلِيُلا رَيْثَمَا أَغْسِلُ يَدَيَّ. ٢:میرا اتنا انتظار کریں کہ میں ہاتھ دھولوں.

١ :هَلُ يُوجَدُ مَزِيُدٌ مِنَ الشَّاي. ١:کیا کچھ اور چائے بھی ہے؟

٢ :نَعَمُ! إِلَّا أَنَّهُ بَرُدَ الْآنَ. ٢:جی ہاں! مگر ٹھنڈی ہو چکی ہے.

١ :اَلطَّعَامُ سَاخِنٌ فَدَعُهُ يَبُرُدُ. ١:کھانا گرم ہے اسکو ٹھنڈا ہونے دو.

٢ :يَاأَخِيُ! إِذَا بَرُدَ الطَّعَامُ فَلا تَتَلَذَّذُ به ٢:بھائی اگر ٹھنڈا ہو گیا تو پھر مزہ نہیں آئیگا.

١ :أُنْثُرُ عَلَى الْإِدَامِ قَلِيُلا مِنَ الْمِلُحِ . ١:سالن میں تھوڑا سا نمک ڈال دو.

٢ :يَاأَخِيُ! أَكُثَرُتَ الْمِلُحَ فِي الْمَرَقِ. ٢:یار! تم نے شوربے میں نمک زیادہ کردیا ہے.

١ :يَاأَخِيُ! زِدُنِي كُوبًامِنَ الشَّايِ . ١:بھائی! مجھے ایک کپ چائے اور دیدو.

١ :صُبَّ لِيُ قَلِيُلا مِنَ الشَّاي . ١:میرے لئے تھوڑی سی چائے ڈال دو.

٢ :عَفُوًا يَاأَخِيُ! قَدُ اِنُتَهَى الشَّايُ. ٢:معاف کرنا بھائی! چائے ختم ہوگئی.

١ :يَاأُمِّيُ!مَاذَاأَعُدَدُتِ لَنَامِنُ طَعَامٍ؟ ١:امی جان! آپ نے ہمارے لیئے کیا بنایا ہے؟

٢ :يَابُنَيَّ!طَبَخُتُ لَکَ الْيَوْمَ أَشْهَى طَعَامٍ عِنُدَکَ ٢:بیٹا! آج میں نے آپ کا پسندیدہ کھانا بنایا ہے.

١ :مَاهُوَ طَعَامُ الْيَوُمِ/مَاذَا طُبِخَ الْيَوُمَ؟ ١:آج کیا پکا ہے؟

٢ :أَظُنُّ ! الْحِمَّصَ وَالْخُبُزَ كَالْعَادَةِ . ٢:میرے خیال میں معمول کے مطابق چنے اور روٹی ہے

١ : كَمُ وَجُبَةً تَأْكُلُ فِي الْيَوُمِ؟ ١:دن میں کتنی مرتبہ کھانا کھاتے ہو؟

٢: آکُلُ ثَلاثَ وَجَبَاتٍ فِی الْیَوْمِ: اَلْفُطُوْرُ وَالْغَدَاءُ وَ الْعَشَاءُ.	٢: میں دن میں تین مرتبہ کھاتا ہوں، ناشتہ، دوپہر کا کھانا، رات کا کھانا.
ا: کَمْ طَبَقًا مِنَ الْأَرُزِّ تُرِیْدُ ؟	ا: چاول کی کتنی پلیٹیں چاہیئے؟
٢: اُرِیْدُ طَبَقًا وَاحِدًا.	٢: مجھے ایک پلیٹ چاہیئے.
ا: کَمْ صَحْنًا مِنَ الْأَرُزِّ یَکْفِیْکَ ؟	ا: چاول کی کتنی پلیٹیں آپ کیلیئے کافی ہیں؟
٢: یَکْفِیْنِیْ صَحْنٌ وَاحِدٌ.	٢: مجھے ایک پلیٹ کافی ہے.
ا: مَارَأْیُکَ بِالْمَرَقِ؟	ا: شوربا کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
٢: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! أُعْجِبْتُ بِهٰذَا الْمَرَقِ	٢: الحمدللہ! مجھے یہ شوربا پسند آیا.
٢: اَلْمَرَقُ مَاسِخٌ وَلَاذِعٌ لِکَثْرَةِ الْفِلْفِلِ.	٢: شوربا بے مزہ ہے اور زیادہ مرچوں کیوجہ سے تیز ہے.
ا: هَلْ أُعْطِیْکَ حَبَّةَ فِلْفِلٍ ؟	ا: کیا آپ کو ایک مرچ دوں؟
٢: نَعَمْ! وَأَعْطِنِی الْمِمْلَحَةَ کَذَالِکَ.	٢: جی ہاں! اور نمک دان بھی دینا.
ا: مَارَأْیُکَ بِتَوَابِلِ الْمَرَقِ ؟	ا: شوربے کے مسالے کے بارے میں کیا رائے ہے؟
٢: لَذِیْذَةٌ وَلَیْسَتْ بِحَادَّةٍ	٢: مزیدار ہے تیز نہیں ہے.
ا: کَمْ خُبْزَةً تَأْکُلُ فِیْ وَجْبَةِ الْغَدَاءِ؟	ا: تم دوپہر کے کھانے میں کتنی روٹیاں کھاتے ہو؟
٢: آکُلُ عَلَی الْأَقَلِّ خُبْزَتَیْنِ .	٢: کم از کم دو روٹیاں کھاتا ہوں.
٢: عَادَةً تَکْفِیْنِیْ خُبْزَةٌ وَاحِدَةٌ.	٢: عام طور پر میرے لئے ایک روٹی کافی ہوتی ہے

عِبَارَاتُ الضِّيَافَةِ

(مہمان نوازی سے متعلق چند جملے)

ا :زُرْنَا وَلَوْ أَحْيَانًا.	ا:کبھی تو ملاقات کرلیا کرو.
٢ :يَاأَخِيْ! أَنَامَشْغُوْلٌ جِدًّا هٰذِهِ الْأَيَّامَ .	٢:یار! میں ان دنوں کافی مصروف ہوں.
ا :يَاأَخِيْ! هَلْ تَرْغَبُ فِي السَّاخِنِ أَمِ الْبَارِدِ؟	ا:بھائی! ٹھنڈا چلے گا یا گرم؟
٢ :يَاأَخِيْ! لاتَتَكَلَّفْ فَأَنَاجِئْتُ لِزِيَارَتِكَ فَقَطْ.	٢:بھائی! تکلف مت کریں میں صرف آپکی زیارت کرنے آیا ہوں
ا :إِكْرَامُكَ وَاجِبٌ عَلَيَّ فَأَرْجُوْأَنْ تَخْتَارَ شَيْئًا.	ا:آپکا اکرام مجھ پر لازم ہے برائے مہربانی کوئی چیز پسند فرمائیں.
٢ :إِنْ أَبَيْتَ إِلَّا الْإِكْرَامَ فَلا أَكْثَرَ أَنْ تُقَدِّمَ لِيْ الشَّايَ الْأَخْضَرَ.	٢:اگر آپ اکرام کرنے پر مصر ہیں تو زیادہ سے زیادہ قہوہ چائے ہی منگوائیں
ا :أَرْجُوْ أَنْ يَشْغَلَ بَعْضُكُمْ بَعْضًارَيْثَمَاأُجَهِّزَ لَكُمُ الشَّايَ.	ا:برائے مہربانی آپ لوگ آپس میں گپ شپ کریں اتنے میں آپ لوگوں کیلئے میں چائے تیار کر لیتا ہوں
٢ :هَاهُوَ الشَّايُ جَاهِزٌ فَأَرْجُوْ أَنْ تَتَنَاوَلُوْهُ	٢:یہ لیجئے چائے تیار ہے برائے مہربانی اسے پی لیں
ا :هَلْ عِنْدَكَ حِمْيَةٌ مِنْ طَعَامٍ مَّا؟	ا:کیا آپ کو کسی کھانے سے پرہیز ہے؟
ا :هَلْ تَحْتَاطُ مِنْ طَعَامٍ مَّا؟	ا: 〃 〃
ا :مَاهُوَ الطَّعَامُ الَّذِيْ تَتَجَنَّبُهُ؟	ا:آپ کس کھانے سے پرہیز کرتے ہیں؟
ا :أَلا تَشْتَهِيْ هٰذَاالطَّعَامَ؟	ا:کیا آپ کو یہ کھانا پسند نہیں ہے؟
٢ :عَفْوًايَاأَخِيْ! مَالِيْ نَفْسٌ فِي الطَّعَامِ.	٢:معاف کرنا یار! میرا کھانے کو دل نہیں چاہ رہا.

٢: اَلْمَعْذِرَةَ اَلْحُمُوْضَةُ مُرْتَفِعَةٌ فِيْ بَطْنِيْ وَلاأَسْتَطِيْعُ أَنْ آكُلَ شَيْئًا.	٢: معاف کرنا! میرے معدہ میں کافی تیزابیت ہے میں کچھ نہیں کھا سکتا.
٢: يَاأَخِيْ! عِنْدِيْ حُرْقَةٌ فِيْ مَعِدَتِيْ وَلاأَسْتَطِيْعُ الْأَكْلَ.	٢: بھائی! میرے معدہ میں جلن ہے میں نہیں کھا سکتا.
١: اَلْبَيْتُ بَيْتُكَ فَلا تَسْتَحْيِ.	١: اسکو اپنا گھر سمجھو شرماؤ مت.
٢: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا! فَقَدْ بَالَغْتَ فِي الضِّيَافَةِ	٢: جزاک اللہ! آپ نے مہمان نوازی میں انتہاء کردی
٢: اَلْيَوْمَ قَدْ حَطَّمْتَ الرَّقْمَ الْقِيَاسِيَّ فِي الضِّيَافَةِ	٢: آج آپ نے میزبانی میں ریکارڈ توڑ دیا.
اَلْيَوْمَ نَرْجُوْ أَنْ تَبِيْتُوْا مَعَنَا بِتْ مَعَنَا هٰذِهِ اللَّيْلَةَ.	برائے مہربانی آج ہمارے ساتھ رات گزاریں ہمارے ساتھ یہ رات گزارلو
تَعَالَ بِأَهْلِكَ / أَنْتَ مَدْعُوٌّ مَعَ أَهْلِكَ .	آپ بھی تشریف لائیں اور اپنے گھر والوں بھی کو ساتھ لائیں
لَوْ جِئْتَ بِعَائِلَتِكَ لَزِدْتَنَا سُرُوْرًا	اگر آپ اپنے گھر والوں کو بھی لے آتے تو ہم اور زیادہ خوش ہوتے
نَحْنُ جَهَّزْنَا الطَّعَامَ لَكَ وَلِأَهْلِكَ فَلِمَ لَمْ تَأْتِ بِأَهْلِكَ .	ہم نے آپ کیلئے اور آپکے گھر والوں کیلئے کھانا تیار کیا ہے آپ اپنے گھر والوں کو کیوں نہیں لائے
يَاأَخِيْ! لَمْ تَتْرُكْ نَوْعًا وَلا لَوْنًا مِنْ أَلْوَانِ الطَّعَامِ إِلَّا قَدْ قَدَّمْتَهُ بَيْنَ أَيْدِيْنَا.	بھائی! آپ نے کوئی بھی کھانے کی چیز نہیں چھوڑی سب ہمارے سامنے لاکر رکھ دی

حِوَارٌ حَوْلَ الْجَوَّالِ لِلْمُسْتَوَى الْأَوَّلِ

(موبائل سے متعلق گفتگو لیول:۱)

۱ : السلام عليكم
: السلام علیکم

۲ : و عليكم السلا م
۲: وعلیکم السلام

۱ : أَسْعَدَ اللّٰهُ أَيَّامَكُمْ وَتَقَبَّلَ طَاعَاتِكُمْ
۱: اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی کو خوش خرم کرے اور آپ کے نیک کاموں کو قبول کرے

۲ : تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ صَالِحَ الْأَعْمَالِ وَكُلُّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ.
۲: اللہ تعالیٰ آپ کے اور ہمارے نیک اعمال قبول کرے آپ کا ہر سال خیریت سے گزرے

۱ : بَشِّرْنَا عَنْ أَطْيَبِ أَخْبَارِكَ وَأَحْوَالِكَ
۱: اپنے اچھے احوال سنا کر ہمیں خوش کیجئے

۲ : وَاللّٰهِ اَلْكُلُّ بِخَيْرٍ وَالْأَمْرُ عَلَى مَا يُرَامُ عَفْوًا مَنْ مَعِيَ عَلَى الْخَطِّ؟
۲: سب خیریت سے ہیں اور حالات درست ہیں معاف کیجئے گا کون صاحب بات کر رہے ہیں؟

۱ : أَمَا عَرَفْتَنِيْ إِلَى الْآنَ؟
۱: کیا آپ نے ابھی تک نہیں پہچانا؟

۲ : عَفْوًا يَا أَخِيْ! مَا عَرَفْتُكَ.
۲: معاف کرنا یار! میں نے آپ کو نہیں پہچانا.

۱ : طَيِّبٌ! هَلْ عَرَفْتَ صَوْتِيْ ؟
۱: ٹھیک ہے! کیا میری آواز جانی پہچانی ہے؟

۲ : صَوْتُكَ لَيْسَ بِغَرِيْبٍ عَلَيَّ وَلٰكِنْ رَقْمُكَ غَرِيْبٌ عَلَيَّ.
۲: آپ کی آواز تو جانی پہچانی لگ رہی ہے لیکن آپ کا نمبر اجنبی ہے.

۱ : تَذَكَّرْ جَيِّدًا فَيَا مَا قَضَيْنَا أَيَّامًا وَ لَيَالِيَ مَعًا.
۱: اچھی طرح یاد رکھنا افسوس کی بات ہے کتنا عرصہ ہم اکٹھے گزار چکے ہیں.

۲ : يَا أَخِيْ! مَاذَا عَسَانِيْ أَنْ أَفْعَلَ فَقَدْ خَانَتْنِيْ الذَّاكِرَةُ.
۲: یار! میں کیا کروں میری یاداشت نے ساتھ دینا چھوڑ دیا

۱ :يَاأَخِي! أَنَاعبدالله اَلَّذِيْ سَكَنَ مَعَکَ مُدَّةً طَوِيْلَةً فِيْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ.	۱:یار! میں عبداللہ ہی تو ہوں جو تمہارے ساتھ ایک ہی کمرے میں کئی عرصہ رہا ہے
۲ :أَلا! أَلا يَاأَخِيْ اِرْفَعْ صَوْتَکَ لاأَسْمَعُکَ جَيِّدًا	۲:ہیلو !ہیلو! بھائی اپنی آواز اونچی کرو میں آپ کو اچھی طرح سن نہیں پا رہا ہوں.
۱ :اَلْآنَ تَسْمَعُنِيْ بِوُضُوحٍ أَمْ لا؟	۱:اب میری بات واضح سن رہے ہو یا نہیں.
۲ :يَاأَخِيْ! صَوْتُکَ خَافِتٌ فَأَرْجُوْ أَنْ تُعَاوِدَالْإِتِّصَالَ .	۲:یار! تمہاری آواز بہت کم ہے برائے مہربانی دوبارہ فون کریں
۱ :طَيِّبْ! سَأَتَّصِلُ بِکَ لاحِقًا.	۱:ٹھیک ہے! میں تمہیں ابھی فون کرتا ہوں.
۲ :أَنَافِيْ اِنْتِظَارِکَ.	۲:میں تمہارے انتظار میں ہوں.
۱ :اَلآنَ كَيْفَ يَصِلُکَ صَوْتِيْ؟	۱:اب میری آواز کیسی پہنچ رہی ہے؟
۲ :صَوْتُکَ مَسْمُوْعٌ إِلَّا أَنَّهُ مُتَقَطِّعٌ	۲:آپ کی آواز سننے میں آرہی ہے لیکن کٹ رہی ہے.
۱ :عَفْوًايَاأَخِيْ! أَنَافِيْ إِحْدَى الْقُرَى وَالشَّبَكَةُ ضَعِيفَةٌ	۱:معاف کرنا یار! میں کسی گاؤں میں ہوں یہاں کا نیٹ ورک کمزور ہے
۲ :أُخْرُجْ مِنَ الْغُرْفَةِ كَيْ يَكُوْنَ صَوْتُکَ أَكْثَرَوُضُوحًا.	۲:ذرا کمرے سے باہر نکلیں تا کہ تمہاری آواز اور صاف سنائی دے
۱ :يَاأَخِيْ! أُكَلِّمُکَ مِنَ السَّطْحِ إِلَّا أَنَّ التَّغْطِيَةَ شِبْهُ مَعْدُوْمَةٍ	۱:بھائی ! میں تم سے چھت پر سے بات کر رہا ہوں مگر سگنل نہ ہونے کے برابر ہیں.
۲ :طَيِّبْ! أَنَا سَأَتَّصِلُ بِکَ فِيْمَابَعْدُ فَأَرْجُوْ أَنْ تَرْقُبَنِيْ .	۲:ٹھیک ہے! میں آپ کو کچھ دیر میں فون کرونگا میرے انتظار میں رہنا.

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

جَوَّالٌ	موبائل	تَسْجِيلٌ صَوْتِيٌّ	آڈیوریکارڈنگ
غِلافٌ	پاؤچ /کور	تَسْجِيلٌ مَرْئِيٌّ	ویڈیوریکارڈنگ
شَاشَةُ الْجَوَّالِ	موبائل اسکرین	نغمةٌ/رَنَّةٌ	ٹون
لَوْحَةُ الْمَفَاتِيحِ	کی پیڈ	رِسالَةٌ	میسج
اَلتَّغْطِيَةُ/شَبَكَةٌ	سگنل	قَائِمَةُ الْبَرَامِجِ	مینیو
بَطَّارِيَّةٌ/نَضِيْدَةٌ	بیٹری	قُفْلُ الْجَوَّالِ	موبائل لاک
شَاحِنٌ	چارجر	مَسْحٌ	ڈلیٹ /مٹانا
سَمَّاعَةٌ	اسپیکر/ہینڈفری	سِجِلُّ الْمُكَالَمَاتِ	کال رجسٹر
لاقِطٌ	مائیک	وَضْعٌ	پروفائل /پوزیشن
إِطَارُ الْجَوَّالِ	کیسنگ	ضَبْطٌ	سیٹنگ
زِرٌّ	بٹن	اَلْمُنَبِّهُ	الارم
شَرِيْحَةٌ	سم	لُعْبَةٌ	کھیل
آلَةُ التَّصْوِيرِ	کیمرا	مُلْحَقَاتٌ	ایکسٹرا
ضَبْطُ الْوَقْتِ	وقت کی ترتیب	اِهْتِزَازٌ /هَزَّازٌ	وائبریشن/وائبریٹر
اَلتَّعْبِئَةُ الْمُبَاشِرَةُ/السَّهْلَةُ	ایزی لوڈ	بِطَاقَةُ الذَّاكِرَةِ	میموری کارڈ
مِفْتَاحُ التَّشْغِيلِ	آن کرنے کا بٹن	اَلرَّقْمُ السِّرِّيُّ	پاس ورڈ
بِطَاقَةُ التَّعْبِئَةِ	اسکرچ کارڈ	بُرْغِيٌّ /مِسْمَارٌ لَوْلَبِيٌّ	اسکرو
مُسْتَقْبِلُ الْمَوْجَاتِ	آئی سی	بُرْجُ الْاِتِّصَالاتِ	بوسٹر/ٹاور

حِوَارٌ حَوْلَ الْجَوَّالِ لِلْمُسْتَوَى الثَّانِيْ

(موبائل سے متعلق گفتگو لیول:۲)

۱ :يَاأَخِيْ! جَوَّالُکَ أَزْعَجَنَابِرَنِيْنِهِ فَأَرْجُوْ أَنْ تَرُدَّ عَلَيْهِ.	۱:بھائی! تمہارے موبائل کی ٹون نے ہمیں تنگ کر دیا برائے مہربانی کال دینے والے کو جواب دو
۲ :حَاضِرٌ سَأَرُدُّ عَلَيْهِ .	۲:حاضر جناب ابھی جواب دیتا ہوں.
۱ :أَنْتَ طَالِبُ عِلْمٍ عَلَيْکَ أَنْ تُغَيِّرَ نَغْمَتَهُ	۱:تم طالب علم ہو تمہیں چاہئے کہ اس کی ٹون کو تبدیل کردو.
۲ :لٰكِنَّ نَغْمَتَهُ هَادِئَةٌ وَ لا بَأْسَ فِيْهَا	۲:لیکن اسکی ٹون تو ہلکی ہے اس میں کوئی حرج نہیں.
۱ :نَغْمَتُهُ يَاعَزِيْزِيْ مُوْسِيْقِيَّةٌ يَحْرُمُ سَمَاعُهَا.	۱:میرے پیارے !اسکی ٹون موسیقی ہے اسکا سننا حرام ہے.
۲ :لٰكِنَّنِيْ لا أَعْرِفُ طَرِيْقَةَ تَغْيِيْرِ النَّغْمَةِ.	۲:لیکن مجھے اسکی ٹون بدلنا نہیں آتا.
۱ :نَاوِلْنِيْهِ لِأُغَيِّرَهَا .	۱:مجھے دو میں اس کی ٹون بدلتا ہوں.
۲ :تَفَضَّلْ! وَأَرْجُوْ أَنْ تَضْبِطَ الْوَقْتَ أَيْضًا.	۲:یہ لو اور برائے مہربانی اس کا ٹائم بھی سیٹ کر دینا.
۱ :بِكَمْ اِشْتَرَيْتَ جَوَّالَکَ هٰذَا؟	۱:تم نے یہ موبائل کتنے کا خریدا ہے؟
۲ :هَلْ أَعْجَبَکَ؟	۲:کیا تمہیں اچھا لگا ہے؟
۱ :نَعَمْ! أَعْجَبَنِيْ فَهُوَ كَمَايَبْدُوْمِنَ الطِّرَازِالْمُتَطَوِّرِ	۱:جی ہاں! مجھے پسند آیا، نئے ماڈل کا لگ رہا ہے.
۲ :اِشْتَرَيْتُهُ قَبْلَ أُسْبُوْعٍ بِثَمَانِيَةِ آلافٍ.	۲:یہ میں نے ایک ہفتہ پہلے آٹھ ہزار کا خریدا ہے

١: بِثَمَانِيَةِ آلافٍ! فَمَاهِيَ مِيزَتُهُ؟	۱: آٹھ ہزار کا! اس میں کیا خصوصیت ہے؟
٢: يَاأَخِيْ! هَذَا يَحْتَوِيْ آلَتَيْنِ لِلتَّصْوِيْرِ أَمَامِيَّةٌ وَخَلْفِيَّةٌ وَفِيْهَا تَسْجِيْلٌ صَوْتِيٌّ وَمَرْئِيٌّ وَفِيْهَا تِقْنِيَّةٌ عَالِيَةٌ فِيْ اِلْتِقَاطِ الصُّوَرِ وَتَقْرِيْبِ الْمَنَاظِرِ	۲: بھائی! اس میں دو کیمرے ہیں ایک آگے کی طرف ایک پیچھے کی طرف اور اس میں آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ ہے اور تصویر کھینچنے کا اور زوم کا انوکھا کمال ہے
١: إِذَنْ أُرَاهُ صِيْنِيًّا لِأَنَّهُ رَخِيْصٌ جِدًّا بِالنِّسْبَةِ لِمِيْزَاتِهِ	۱: تب تو میرے خیال میں یہ چینی موبائل ہے کیونکہ اسکی خصوصیات کا لحاظ کرتے ہوئے یہ کافی سستا ہے
٢: وَفَضْلًا عَنْ ذَالِكَ يُشْغِلُ شَرِيْحَتَيْنِ فِيْ آنٍ وَاحِدٍ	۲: اور اسکے علاوہ یہ بیک وقت دو سمیں چلاتا ہے
١: لٰكِنْ يَاأَخِيْ! أَنْتَ طَالِبُ عِلْمٍ شَرْعِيٍّ فَمَاحَاجَتُكَ لِهَذِهِ التِّقْنِيَاتِ كُلِّهَا	۱: لیکن یار! تم ایک دینی طالب علم ہو تمہیں اس قسم کی ٹیکنالوجیوں کی کیا ضرورت ہے.
٢: اَلْآنَ كَمَاتَعْرِفُ! اَلْجَوَّالَاتُ الرَّاقِيَةُ عَادَتًا تَكُوْنُ ذَاتَ آلَةِ التَّصْوِيْرِ.	۲: جیسے کہ تم جانتے ہو کہ آج کل تمام جدید طرز کے موبائل کیمرے والے ہوتے ہیں.
١: أَظُنُّ كَانَ يَكْفِيْكَ أَنْ تَقْتَنِيَ جَوَّالًا بَسِيْطًا يَسُدُّ حَاجَتَكَ.	۱: میرے خیال میں آپ کے لئے ایک سادہ سا موبائل کافی تھا جس سے آپ کی ضرورت پوری ہو جاتی
٢: نَعَمْ! يَاأَخِيْ! أَرَدْتُ أَنْ أَبِيْعَهُ لِأَنِّيْ أَخَافُ عَلَيْهِ مِنَ النَّشْلِ	۲: ہاں یار! میں نے اس کے بیچنے کا ارادہ کیا ہے کیونکہ مجھے اسکے چھن جانے کا خطرہ ہے.

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْجَوَّالِ

(موبائل سے متعلق سوالات وجوابات)

ا: جَوَّالُکَ يَرِنُّ فَعَلَيْکَ أَنْ تَرْفَعَهُ. ا: تمہارا موبائل بج رہا ہے اسکو اٹھاؤ.

۲: شُکْرًا يَاأَخِيْ! هَاأَنَاأَرْفَعُهُ. ۲: بھائی شکریہ! میں اٹھا رہا ہوں.

ا: عَبِّئِي جَوَّالِيْ بِعِشْرِيْنَ روبيَّةً تَعْبِئَةً مُبَاشِرَةً ا: میرے موبائل میں بیس روپے ایزی لوڈ کردو.

۲: طَيِّبٌ! أَخْبِرْنِيْ بِرَقْمِکَ. ۲: ٹھیک ہے! اپنا نمبر بتاؤ.

ا: يَاأَخِيْ! اِتَّصِلْ بِيْ وَلَوْ مَرَّةً. ا: بھائی! ایک دفعہ تو فون کرو.

۲: مَعْذِرَةً يَاأَخِيْ! أَنَا مَشْغُوْلٌ هٰذِهِ الْأَيَّامَ ۲: معاف کرنا یار! اِن دنوں میں مصرف ہوں.

ا: اِشْتَرِلِيْ بِطَاقَةً بِمِائَةِ روبيَّةٍ. ا: میرے لئے سو روپے والا کارڈ خریدلو.

۲: أَيَّ بِطَاقَةٍ تُرِيْدُ؟ ۲: کونسا کارڈ چاہئے؟

ا: يَاأَخِيْ مَالَکَ أَتَّصِلُ بِکَ وَلَا تَرُدُّ. ا: بھائی! تمہیں کیا ہوا ہے میں فون کررہا ہوں تم جواب نہیں دے رہے ہو.

۲: عَفْوًا يَاأَخِيْ! جَوَّالِيْ کَانَ عَلَى وَضْعٍ صَامِتٍ فَمَاشَعَرْتُ ۲: معاف کرنا یار! میرا موبائل سائلنٹ پر تھا مجھے پتہ نہیں چلا.

ا: يَاأَخِيْ! هَلْ فِيْ جَوَّالِکَ رَصِيْدٌ أُرِيْدُالْإِتِّصَالَ بِفُلَانٍ؟ ا: یار! کیا تمہارے موبائل میں بیلنس ہے مجھے فلان کو فون کرنا ہے؟

۲: نَعَمْ! وَلٰکِنْ إِيَّاکَ وَالْإِطَالَةَ ۲: جی ہاں ہے! لیکن لمبی بات مت کرنا.

ا: مُسْتَقْبِلُ الْمَوْجَاتِ فِيْ جَوَّالِيْ عَاطِلٌ ا: میرے موبائل کی آئی سی خراب ہے.

۲: کَيْفَ عَرَفْتَ يُمْکِنُ هُنَاکَ خَلَلٌ فِيْ بَرَامِجِهِ. ۲: تمہیں کیا معلوم! ہوسکتا ہے کہ اسکے سافٹ ویر میں کوئی گڑبڑ ہو

۱ :وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! كُلَّمَا أَتَكَلَّمُ بِهٰذِهِ الشَّرِيْحَةِ يَتَقَطَّعُ الصَّوْتُ.	۱: یار بخدا! جب بھی میں اس سم کے ذریعے باتیں کرتا ہوں آواز کٹتی ہے۔
۲ :إِذَنْ عَلَيْكَ أَنْ تَتَّصِلَ بِخَطِّ الْخَدَمَاتِ	۲: تب آپ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔
۱ :يَاأَخِيْ! أَشْكُرُكَ عَلَى مُبَادَرَةِ الْإِتِّصَالِ	۱: یار! فون کرنے کا شکریہ۔
۲ :يَاأَخِيْ!لاشُكْرَ عَلَى وَاجِبٍ أَنْتَ صَدِيْقِي الْحَمِيْمُ	۲: بھائی! یہ تو میرا فرض تھا آپ میرے جگری دوست ہیں
۱ :يَاأَخِيْ!لا تُزْعِجْنِيْ بِكَثْرَةِ التَّرْمِيْشِ .	۱: یار! زیادہ مس کالیں دیکر مجھے تنگ مت کرو۔
۲ :يَاأَخِيْ! مَارَمَّشْتُ لَكَ وَلَوْ مَرَّةً.	۲: بھائی! میں نے آپ کو ایک مرتبہ بھی مس کال نہیں دی
۱ :مَاذَاحَدَثَ بِشَاشَةِ جَوَّالِكَ؟	۱: تمہارے موبائل کی اسکرین کو کیا ہوا؟
۲ :هِيَ اِنْكَسَرَتْ بَعْدَ أَنْ سَقَطَ الْجَوَّالُ	۲: موبائل گرنے سے یہ ٹوٹ گئی ہے۔
۱ :مِنْ أَيَّةِ شَرِكَةٍ جَوَّالُكَ؟	۱: تمہارا موبائل کس کمپنی کا ہے؟
۲ :جَوَّالِيْ مِنْ شَرِكَةِ نوكيا .	۲: میرا موبائل نوکیا کمپنی کا ہے۔
۱ :قَدْ أَزْعَجَتْنَانَغْمَةُ جَوَّالِكَ الصَّاخِبَةُ.	۱: تمہارے موبائل کی پُرشور گھنٹی نے ہمیں تنگ کر دیا
۲ :يَاأَخِيْ!بَلْ هِيَ نَغْمَةٌ هَادِئَةٌ وَلَمْ أَجِدْ أَهْدَأَ مِنْهَا فِيْ جَوَّالِيْ	۲: بھائی! یہ تو پرسکون گھنٹی ہے اس سے زیادہ پر سکون گھنٹی مجھے اپنے موبائل میں نہیں ملی۔
۱ :اِنْتَهَى شَحْنُ جَوَّالِيْ فَأَرْجُوْ أَنْ تُعِيْرَنِيْ شَاحِنَ جَوَّالِكَ.	۱: میرے موبائل کی چارجنگ ختم ہوگئی ہے برائے مہربانی اپنے موبائل کا چارجر دیدیں۔
۲ :يَاأَخِيْ! هُنَاكَ فَرْقٌ فِيْ مَقْبِسِ جَوَّالِكَ وَجَوَّالِيْ	۲: بھائی! میرے موبائل اور تمہارے موبائل کی پن میں فرق ہے۔

۱ :اِنْخَفَضَتْ بَطَّارِيَّةُ جَوَّالِيْ فَأَرْجُوْ أَنْ تَضَعَهُ عَلَى الشَّحْنِ.	۱:میرے موبائل کی بیٹری ختم ہوگئی ہے برائے مہربانی اسکو چارج پر لگادو.
۲ :عَفْوًا يَاأَخِيْ! اَلْمَقَابِسُ غَيْرُ فَارِغَةٍ.	۲:معاف کرنا بھائی! سوئچ فارغ نہیں ہیں
۱ :أَصْبَحَ جَوَّالِيْ قَدِيْمًا وَأُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ جَوَّالًا مِنَ الطِّرَازِ الْحَدِيْثِ.	۱:میرا موبائل پرانا ہوگیا ہے میں ایک نئے ماڈل کا موبائل خریدنا چاہتا ہوں.
۲ :يَاأَخِيْ! أَرَاهُ إِسْرَافًا مَاعَلَيْكَ إِلَّا أَنْ تُغَيِّرَ إِطَارَهُ.	۲:بھائی! میں تو اسے فضول خرچی سمجھتا ہوں، تم صرف اسکی کیسنگ بدل دو.
۱ :عَجِيْبٌ أَسْمَعُ صَوْتَكَ وَاضِحًا فَلَا تَسْمَعُ صَوْتِيْ.	۱:عجیب بات ہے میں تمہاری آواز صاف سن رہاہوں اور تم میری آواز نہیں سن رہے ہو.
۲ :عَلَى مَاأَرَى أَنَّ لَاقِطَ جَوَّالِكَ عَاطِبٌ.	۲:میرا خیال ہے تمہارے موبائل کا مائیک خراب ہے
۱ :اِشْتَرَيْتُ هٰذَاالْجَوَّالَ بِخَمْسَةِ آلَافٍ جَدِيْدًا	۱:میں نے یہ موبائل ڈبہ پیک پانچ ہزار میں خریدا ہے
۲ :مَاهِيَ مُدَّةُ ضَمَانِ هٰذَاالْجَوَّالِ	۲:اس موبائل کی کتنی وارنٹی ہے؟
۱ :أَظُنُّ مُدَّةَ ضَمَانِهِ سِتَّةَ أَشْهُرٍ	۱:میرے خیال میں اسکی چھ مہینے کی وارنٹی ہے.
۲ : فِيْ كَمْ يَوْمًا تَنْخَفِضُ بَطَّارِيَّتُهُ؟	۲:اسکی بیٹری کتنے دن چلتی ہے؟
۱ :تَنْخَفِضُ بَطَّارِيَّتُهُ بَعْدَ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ.	۱:اسکی بیٹری چار دن چلتی ہے.

عِبَارَاتُ الْمُخَاصَمَةِ

(تنازعہ سے متعلق چند جملے)

اِعْقِلْ / كُنْ اِنْسَانًا	انسان بن جا
تَأَدَّبْ فِي الْكَلَامِ .	تمیز سے بات کرو
اُسْكُتْ وَإِيَّاكَ أَنْ تَتَكَلَّمَ.	خاموش! باتیں مت کرو
اِخْرَسْ وَإِيَّاكَ أَنْ تَسُوءَ الْأَدَبَ.	چپ رہو بدتمیزی مت کرو
اُتْرُكْ فُضُولَ الْكَلَامِ وَابْتَعِدْ.	بکواس بند کرو دفع ہو جاؤ.
يَاعَدِيمَ الْغَيْرَةِ !	بے غیرت آدمی
اِبْتَعِدْ مِنْ هُنَا / وَلِّ	یہاں سے دفع ہو جاؤ / دفع ہو جاؤ
لا تَكُنْ أَحْمَقًا. وَيْلَكَ .	بیوقوفی مت کرو. تیرا بیڑا غرق ہو
مَنْ أَنْتَ حَتَّى تَنْصَحَنِيْ .	تم مجھے نصیحت کرنے والے کون ہوتے ہو.
مَالَكَ تَتَكَلَّمُ بِهٰذِهِ الْكَيْفِيَّةِ .	تمہیں کیا ہوا جو اس طریقہ سے بات کر رہے ہو
أَضْرِبُكَ ضَرْبًا تَذْكُرُنِيْ عَلَيْهِ .	تمہیں ایسے مارونگا کہ یاد کرو گے.
اِسْتَغْلَلْتَ تَسَامُحِيْ.	تم میری نرمی کا فائدہ اٹھا رہے ہو.
سَأَضْرِبُكَ ضَرْبًا لاتُعْرَفُ بَعْدَهُ مَنْ أَنْتَ.	تمہیں مار مار کر ایسے کردونگا کہ پہچاننے کے قابل نہیں رہو گے
سَأَلْطِمُكَ لَطْمًا لا تُعْرَفُ بَعْدَهُ .	ایسا تھپڑ مارونگا کہ پھر پہچانے نہیں جاؤ گے.
جَرَّكَ لِيْنِيْ إِلَى سُوْءِ الْأَدَبِ .	میری نرمی کی وجہ سے تم بدتمیز ہو گئے ہو.
أَغْضَبْتَنِيْ كَثِيْرًا فَلا تُرِنِيْ وَجْهَكَ بعدالْيَوْمِ.	تم نے مجھے بہت غصہ دلایا ہے آج کے بعد مجھے اپنی شکل مت دکھانا.

حَسَنًا! سَتَرَی مِنِّیْ مَاتَکْرَہُ.	ٹھیک ہے! تم مجھ سے بھی ناپسندیدہ چیز دیکھو گے
لا تَقْوٰی عَلٰی ضَرَرِیْ وَلَوْ بِشَعْرَۃٍ.	تم مجھے بال برابر بھی تکلیف نہیں پہنچا سکتے
إِنْ أَرَدْتَ عِزَّۃَ نَفْسِکَ فَابْتَعِدْ مِنْ ھُنَا	اگر اپنی عزت چاہئے تو یہاں سے چلے جاؤ
ھَلْ رَأَیْتَ وَجْھَکَ فِی الْمِرْآۃِ.	تو نے اپنی شکل آئینے میں دیکھی ہے۔
لا أُرِیْدُ أَنْ أَرَاکَ مَرَّۃً أُخْرٰی	میں دوبارہ تمہارا چہرہ دیکھنا نہیں چاہتا ہوں.
تَجَاوَزْتَ الْحَدَّ/ عَدَوْتَ قَدْرَکَ فَاسْکُتْ	بس اب بہت ہوگیا خاموش ہوجاؤ.
وَاللّٰہِ! لَقَدْ أَخْرَجْتَنِیْ عَنْ طَوْرِیْ فَابْتَعِدْ عَنِّیْ.	بخدا! تم نے میرا دماغ گھما دیا ہے مجھ سے دور ہو جاؤ
إِیَّاکَ أَنْ تُکَلِّمَنِیْ بِھٰذِہِ اللَّھْجَۃِ لِئَلَّا تَسْمَعَ مِنِّیْ مَایَسُوْئُکَ.	مجھ سے اس لہجہ میں بات مت کرو ورنہ مجھ سے برا سنو گے
إِنْ کُنْتَ رَجُلًا عِنْدَ کَلامِکَ فَافْعَلْ وَسَتَرٰی	اگر تم مرد ہو تو کر کے دکھاؤ تم دیکھ لو گے.
اِنْتَبِہْ لِأَلْفَاظِکَ وَلا تَتَھَوَّرْ فِیْ کَلامِکَ.	منہ سنبھال کر بات کرو فضول بکواس مت کرو.
تَأَدَّبْ وَلا تَتَطَاوَلْ عَلٰی مَنْ أَکْبَرُ مِنْکَ	باادب بنو اپنے سے بڑوں پر دست درازی مت کرو
وَاللّٰہِ! لَتَسْکُتَنَّ أَوْ لَأَجْعَلَنَّکَ تَتَمَضْمَضُ بِأَسْنَانِکَ	بخدا! خاموش ہو جاؤ، وگرنہ تمہارے دانت توڑ دونگا
لَقَدْ وَتَّرْتَ أَعْصَابِیْ فَاغْرُبْ عَنْ وَجْھِیْ.	تم نے میرے اعصاب جام کر دیئے میرے سامنے سے چلے جاؤ
کَمَا یَبْدُوْ لا یَنْفَعُ مَعَکَ الْکَلامُ وَأَنَا الْیَوْمَ لاطِمُکَ	لگتا ہے کہ تمہارے ساتھ بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے آج میں تمہیں تھپڑ مارنے والا ہوں
لا تُھَدِّدْ کَمَا قُلْتُ لَکَ إِنْ کُنْتَ رَجُلًا فَافْعَلْ.	دھمکی مت دو میں نے تم سے کہہ دیا ہے کہ اگر تم مرد ہو تو کر کے دکھاؤ

أَتَظُنُّنِيْ جَبَانًا أَوْلا أَقْوَى عَلَى الْمُصَارَعَةِ.	کیا تم مجھے بزدل سمجھتے ہو یا مجھے کشتی لڑنے کی طاقت نہیں ہے
إِذَافَعَلْتَ كَذَافَلا تَجِدَنَّ أَسْوَأَ مِنِّيْ إِلَيْكَ مُعَامَلَةً.	اگر ایسا کیا تو پھر مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔
مَاالَّذِيْ يَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَاأَرَدْتُ أَنْ أَفْعَلَهُ بِكَ	میرے اور میرے ارادے کے درمیان کیا چیز حائل ہوسکتی ہے
قُلْتُ لَكَ يَاأَخِيْ! تَنَبَّهْ وَإِلَّا صَفَعْتُكَ صَفْعَةً تَنَاثَرَتْ مِنْهَاأَسْنَانُكَ	بھائی میں نے تم سے کہہ دیا کہ باز آجاؤ، وگرنہ ایسا تھپڑ ماروں گا کہ تمہارے دانت ٹوٹ جائیں گے

مُبَارَاةُ كُرَةِ الْقَدَمِ (فٹبال میچ)

١: غَدًا سَتَكُوْنُ مُبَارَاةُ كُرَةِ الْقَدَمِ بَيْنَنَاوَبَيْنَ فَرِيْقِ مَدْرَسَةٍ أُخْرَى.	١: کل ہمارے اور دوسرے مدرسہ کی ٹیموں کے درمیان فٹبال میچ ہوگا۔
٢: إِذَنْ سَوْفَ تَكُوْنُ سَاخِنَةً لِأَنَّ فَرِيْقَهُمْ قَوِيٌّ جِدًّا.	٢: تب تو مقابلہ سخت رگرم ہوگا کیونکہ ان کی ٹیم بڑی مضبوط ہے
١: وَهَلْ تَعْرِفُ أَيْنَ سَتَكُوْنُ هَذِهِ الْمُبَارَاةُ؟	١: کیا تم جانتے ہو کہ میچ کہاں ہوگا؟
٢: وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! لا عِلْمَ لِيْ بِذَالِكَ.	٢: یار بخدا مجھے اس کا علم نہیں۔
١: أَظُنُّ الْمَكَانَ الْمُقَرَّرَ السَّاحَةَ الْكُبْرٰى أَمَامَ مَسْجِدِ عثمانؓ	١: میرا خیال ہے مقررہ جگہ عثمانؓ مسجد کے سامنے والا بڑا گراؤنڈ ہے۔
٢: وَمَاهُوَالْوَقْتُ الْمُقَرَّرُ؟	٢: مقررہ وقت کیا ہے؟

١ :سَتَكُوْنُ ضَرْبَةُ الْبِدَايَةِ فِي السَّاعَةِ العَاشِرَةِ صَبَاحًا	١: صبح دس بجتے ہی میچ شروع ہوگا.
٢ : كَمْ لا عِبًا فِيْ فَرِيْقٍ؟	٢:ایک ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہیں؟
١ :فِيْ فَرِيْقٍ عَشَرَةُ لا عِبِيْنَ دُوْنَ الْكَابتن	١:ایک ٹیم میں کیپٹن کے علاوہ دس کھلاڑی ہیں
٢ :وَمَا هُوَ الْوَقْتُ الْمُقَرَّرُ لِكُلِّ شَوْطٍ؟	٢:اور ہر راؤنڈ کا مقررہ وقت کیا ہے؟
١ :نِصْفُ سَاعَةٍ لِكُلِّ شَوْطٍ.	١:ہر راؤنڈ آدھے گھنٹے کا ہے.
٢ :وَكَيْفَ مَدَارِجُ الْمَلْعَبِ؟	گراؤنڈ کی سیڑھیاں کیسی ہیں؟
١ :أَمَا رَأَيْتَ يَاأَخِيْ! مَدَارِجُهُ عَالِيَةٌ.	١:بھائی! کیا تم نے دیکھا نہیں کہ اسکی سیڑھیاں اونچی ہیں
٢ :طَيِّبٌ! وَكَيْفَ الْأَضْوَاءُ أَظُنُّهَاضَئِيْلَةً.	٢:ٹھیک ہے! روشنی کیسی ہوگی؟ میرا خیال ہے کمزور ہوگی
١ :لا يَاأَخِيْ! اَلْأَضْوَاءُ سَاطِعَةٌ.	١: نہیں بھائی! روشنی تیز ہوگی.
٢ :وَمَاذَاعَنِ الْمَلْعَبِ هَلْ هُوَ مَفْرُوْشٌ بِالْحَشِيْشِ الْأَخْضَرِ.	٢: گراؤنڈ کیسا ہے کیا اس میں ہریالی ہوگی؟
